Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 پیر، 07 اگست 2023ء، 19 محرم الحرام 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 102

9 اگست کو قومی اسمبلی تحلیل کر دوں گا، شہباز شریف

اس کے بعد نگران حکومت آئیگی اور انتخابات ہونگے، نواز شریف جلد واپس آئینگے اور پاکستان کی تقدیر بدل دینگے، نواز شریف وزیراعظم منتخب ہوئے تو ساتھیوں کیساتھ ملکر جان لڑادوں گا: وزیراعظم

عوام کے سمندر کو دیکھ کر میری 16 ماہ کی تھکاوٹ اتر گئی ہے، نواب شاہ ٹرین پر حادثہ پر دکھ ہوا، اللہ جاں بحق افراد کو جنت میں جگہ دے، نوجوانوں کو میرٹ پر لیپ ٹاپس ملے: قصور میں جلسہ سے خطاب

قصور (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ میں 9 اگست کو اپنی حکومت، اسمبلی کو تحلیل کر دوں گا، اس کے بعد نگران حکومت آئے گی اور انتخابات ہوں گے، نواز شریف جلد واپس آئیں گے اور پاکستان کی تقدیر بدل دیں گے، نواز شریف وزیراعظم منتخب ہوئے تو ساتھیوں کے ساتھ ملکر جان لڑا دوں گا، ملکر 5 سالوں میں پاکستان کی حالت بدل دیں گے۔ قصور میں جلسہ عام سے (بقیہ نمبر 32)

ڈیجیٹل مردم شماری پر 34 ارب روپے خرچ کیے، اسحاق ڈار

کمیٹی میں قانون سازی اور جو کام ہو رہا ہے نتائج سے فلائٹس بحال ہوں گی

اسلام آباد (عوامی للکار) وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل مردم شماری پر 34 ارب روپے خرچ کیے ہیں، کمیٹی میں قانون سازی اور جو کام ہو رہا ہے اس کے نتائج سے فلائٹس بحال ہوں گی۔ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی زیر صدارت سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ ڈیجیٹل مردم شماری کا فیصلہ گزشتہ حکومت نے کیا تھا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ ایک سابق (بقیہ نمبر 31)

حکومت الیکشن نئی مردم شماری پر کرانا چاہتی ہے: بلوم برگ

الیکشن کمیشن کو نئے ووٹرز کو شامل کر کے حلقہ بندیوں کی نئی لسٹیں بنانی ہوں گی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی جریدے بلوم برگ نے اپنی ایک رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ پاکستانی حکومت انتخابات نئی مردم شماری کے نتائج کی بنیاد پر کرانا چاہتی ہے، ملک کے عام انتخابات اگلے سال تک مؤخر ہو سکتے ہیں۔ امریکی جریدے کے مطابق نئی مردم شماری کے مطابق گزشتہ 6 سالوں میں پاکستان کی آبادی میں 16 فیصد اضافہ ہوا ہے، الیکشن کمیشن کو نئے ووٹرز کو شامل کر کے (بقیہ نمبر 33)



نواب شاہ: کراچی سے حویلیاں جانیوالی ہزارہ ایکسپریس کی بوگیاں پٹڑی سے اتری ہوئی ہیں

نواب شاہ، ہزارہ ایکسپریس کو حادثہ 30 افراد جاں بحق

کراچی سے حویلیاں جانیوالی ہزارہ ایکسپریس ٹرین کی 10 بوگیاں نواب شاہ میں سرہاری ریلوے اسٹیشن کے قریب پٹڑی سے اتر کر الٹ گئیں، ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ

حادثہ تخریب کاری اور میکینکل فالٹ بھی ہوسکتا ہے، ٹرین 45 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چل رہی تھی، وزیر ریلوے سعد رفیق اور بلاول بھٹو کا نوٹس، حادثے کی تحقیقات کا حکم دیدیا

نوابشاہ (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی سے آنے والی ہزارہ ایکسپریس کی 8 بوگیاں نواب شاہ کے قریب پٹڑی سے اتر گئیں جس کے نتیجے میں 30 افراد جاں بحق اور 70 سے زائد زخمی ہوگئے۔ ریلوے حکام کے مطابق کراچی سے حویلیاں جانے والی ہزارہ ایکسپریس کو سرہاری ریلوے سٹیشن کے قریب حادثہ پیش آیا، حادثے میں ہزارہ ایکسپریس کی 8 بوگیاں ٹریک سے اتر گئیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے میں درجنوں خواتین، مرد اور بچے زخمی ہوئے ہیں، حادثے کی اطلاع پر ریسکیو ٹیمیں پہنچ چکی ہیں جبکہ ریلوے حکام اور قریبی علاقوں کے مقامی لوگ امدادی کارروائیوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ نواب شاہ کے تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے، ویران علاقے میں حادثہ پیش آنے کی صورت میں امدادی کاموں میں دشواری کا سامنا ہے۔ (بقیہ نمبر 34)

عمران کو اعلیٰ عدلیہ سے انصاف ملے گا، جلد رہائی ہوگی' شیخ رشید

ملک الیکشن کی طرف جا رہا ہے، نفرتیں کم ہونی چاہئیں' سابق وزیر داخلہ

لاہور (نمائندہ خصوصی) سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ چیئرمین تحریک انصاف کی گرفتاری اور ان کو اٹک جیل منتقل کرنے پر مجھے انتہائی دکھ اور افسوس ہوا ہے اور میں اس کی پرزور مذمت کرتا ہوں، عمران خان کو فیئر ٹرائل کا حق ملنا چاہیے تھا، امید ہے عمران خان کو ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ سے انصاف ملے گا اور انہیں جلد رہائی ملے گی۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں شیخ رشید نے کہا کہ (بقیہ نمبر 35)

آٹ سورس کا مطلب کسی چیز کو بیچنا یا گروی رکھنا نہیں ہوتا، خواجہ سعد رفیق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور وزیر ریلوے و ہوابازی خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کسی چیز کو آٹ سورس کرنے کا مطلب اسے بیچنا یا گروی رکھنا نہیں ہوتا۔ پریس (بقیہ نمبر 36)

ہزارہ ایکسپریس حادثے میں انسانی جانوں کے نقصان پر دل رنجیدہ ہے: مریم نواز

وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق خود بھی موجود ہیں اور قوم کو بھی آگاہ کر رہے ہیں: ٹویٹ

لاہور (نیوز رپورٹر) ہزارہ ایکسپریس ٹرین حادثے پر مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز کا بھی ردعمل سامنے آ گیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں مسلم لیگ (ن) کی رہنما مریم نواز نے کہا ہے کہ ہزارہ ایکسپریس حادثے میں انسانی جانوں کے نقصان پر دل رنجیدہ ہے، اللہ مرحومین کی مغفرت اور زخمیوں کو شفائے کاملہ عطا فرمائے۔ اپنے ٹوئٹ میں مریم نواز (بقیہ نمبر 37)

افغان سفیر کی فضل الرحمٰن سے ملاقات

سانحہ باجوڑ پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) افغانستان کے سفیر سردار احمد خان شکیب نے وفد کے ہمراہ جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی جس میں افغان سفیر نے مولانا فضل الرحمان (بقیہ نمبر 38)

کمسن ملازمہ تشدد کیس: ملزمہ کا جے آئی ٹی کے سامنے صحت جرم سے انکار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کمسن ملازمہ تشدد کیس میں سول جج کی اہلیہ ملزمہ شامل تفتیش ہوگئی ہیں، تاہم ملزمہ جج کی اہلیہ نے جے آئی (بقیہ نمبر 39)

نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک پاکستان کے لئے ایک اہم سنگ میل ہے، سربراہ پاک فضائیہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سربراہ پاک فضائیہ، ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کی افتتاح کی مناسبت سے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ "تغیر پذیر عالمی اور علاقائی ماحول کے تناظر میں ہم اس وقت ایک انتہائی چیلنجنگ دور سے گزر رہے ہیں۔ یہ ارتقاء کا دور ہے، جس نے نیش اور خلل ڈالنے والی ٹیکنالوجیز کے حصول کی اہمیت کو اجاگر کر کے قومی سلامتی اور دفاع سے متعلق روایتی تصورات پر گہرے اثرات مرتب (بقیہ نمبر 40)

قصور: وزیراعظم محمد شہباز شریف عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

عمران خان کے پاس ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ میں اپیل کا حق ہے، وزیر قانون

چیئرمین پی ٹی آئی کو قانونی طریقے سے سزا ہوئی ہے، وہ اس کا سامنا کریں، 37 دفعہ وہ عدالت میں حاضر نہیں ہوئے، اعظم نذیر تارڑ

اتحادی جماعتوں کا بھی مؤقف ہے کہ الیکشن وقت پر ہوں، الیکشن کمیشن کو چاہیے وضاحت کیلئے بیان جاری کرے، سینٹ میں خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کے پاس ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں اپیل کا حق ہے، چیئرمین پی ٹی آئی کو قانونی طریقے سے سزا ہوئی ہے، وہ اس کا سامنا کریں۔ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی زیر صدارت سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو موقع دیا گیا، ان کے پاس اپیل کا حق ہے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 41)

عمران کی گرفتاری کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں، مریم اورنگزیب

ایسا شخص جو عدالت میں مجرم ثابت ہو چکا ہو اسے گرفتار ہونا ہی ہوتا ہے، مقدمہ ٹرائل کے عمل سے گزرا: وزیر اطلاعات

الزامات تھے کہ ایک شخص اختیارات کا ناجائز استعمال کرتا رہا، جو اپنے دفاع میں شہادت پیش کرنے میں ناکام رہا: انٹرویو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ قانون میں آپ کو اپنے عمل کا جوابدہ ہونا پڑتا ہے، ایسا شخص جو عدالت میں مجرم ثابت ہو چکا ہو اسے گرفتار ہونا ہی ہے مقدمہ عدالتوں میں رہا، مقدمہ تفتیش کے مراحل میں رہا اور ٹرائل کے عمل سے بھی گزرا، پھر ٹرائل کورٹ نے فیصلہ دیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری کا پاکستان کی (بقیہ نمبر 42)

فیصل آباد: وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ بجلی کی سپلائی کے مختلف منصوبوں کا افتتاح کر رہے ہیں

انتخابات آئین کے تحت کرائے جائیں، مولانا غفور حیدری

کارکن عام انتخابات کی تیاری کریں، مرکزی سیکریٹری جنرل جے یو آئی

جیکب آباد (آن لائن) چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری مقافات عمل ہے، آنے والے انتخابات آئین کے تحت کرائے جائیں، کارکن عام انتخابات کی تیاری کریں۔ انہوں نے یہ باتیں جے یو آئی جیکب آباد کے امیر ڈاکٹر اے جی انصاری کی قیادت ملنے والے وفد سے ملاقات میں کہیں۔ سینئر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا چیئرمین پی ٹی آئی نے جو ملک اور عوام کے ساتھ بددیانتی کی وہ تاریخ میں نہیں (بقیہ نمبر 44)

الیکشن میں تاخیر ہوئی تو پیپلز پارٹی کھڑی ہوگی، خورشید شاہ

نگران وزیراعظم کسی پارٹی کا فعال رکن نہ ہو اور نہ ہی کسی پارٹی کا بڑا لیڈر رہو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر آبی وسائل اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سید خورشید شاہ نے امید ظاہر کی ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) ملک کو درست سمت میں لے جائے گی اور انتخابات آئین کے مطابق وقت پر ہوں گے، اگر انتخابات میں تاخیر ہوئی تو پیپلز پارٹی کھڑی ہوگی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ انتخابات ضابطہ اخلاق کے تحت ہونے چاہئیں کیونکہ معاشی استحکام سیاسی استحکام (بقیہ نمبر 43)

حافظ آباد: امیر جماعت اسلامی سراج الحق جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

آفیشل سیکرٹ ایکٹ سینٹ میں پیش، وارنٹ کے بغیر گرفتاری کی شق واپس

بغیر وارنٹ کے گرفتاری والی شق واپس لے لی گئی، بل میں کچھ الفاظ پر اعتراضات سامنے آئے تھے، اُن کو بھی تبدیل کر دیا گیا: وفاقی وزیر قانون

پاکستان تحریک انصاف کا عمران کی گرفتاری پر کالی پٹیاں باندھ کر احتجاج، سینیٹر سیف اللہ ابڑو کی حکومت پر تنقید، اراکین کا ایوان سے واک آؤٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آفیشل سیکرٹ ایکٹ ترمیمی بل 2023 سینیٹ میں پیش کر دیا گیا جس میں سے حکومت نے انٹیلی جنس ایجنسیوں کی وارنٹ کے بغیر گرفتاری کی شق واپس لے لی جبکہ تحریک انصاف نے عمران خان کی گرفتاری پر کالی پٹیاں باندھ کر احتجاج کیا، سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے حکومت پر سخت تنقید کی، سینیٹ میں عمران خان زندہ آباد کے نعرے بھی لگائے گئے۔ اتوار کو سینیٹ اجلاس کے دوران وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے وزیر داخلہ کی جانب سے بل ایوان میں پیش کیا، انہوں نے کہا کہ اعتراض 2 باتوں پر تھا کہ گرفتاری کا اختیار بغیر وارنٹ کے ایجنسیوں کو دیا گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہا اب یہ اعتراض ختم کر دیا گیا ہے، بغیر وارنٹ کے گرفتاری والی شق واپس لے لی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بل میں کچھ الفاظ پر اعتراضات سامنے آئے تھے، اُن کو بھی تبدیل کر دیا گیا ہے۔ اعظم نذیر (بقیہ نمبر 53)

اقتدار میں آئے تو سودی نظام ختم کریں گے، سراج الحق

نواز، زرداری اور عمران ایک جیل میں ہوں تب خوشی ہوگی: امیر جماعت اسلامی

حافظ آباد (آن لائن) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ نواز شریف، آصف زرداری اور عمران خان ایک جیل میں ہوں تب خوشی ہوگی۔ حافظ آباد میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہباز شریف اور نواز شریف مردم شماری کا بہانہ کر کے الیکشن ملتوی کرانا چاہتے ہیں، ان کو پتہ ہے عوام انہیں گندے انڈے ماریں گے کیوں کہ ان حکمرانوں نے (بقیہ نمبر 45)

90 روز میں ہونیوالے الیکشن شاید ملتوی ہو جائیں، رضا ربانی

نئی مردم شماری کے حوالے سے بلوچستان سے یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں، خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ ایسے محسوس ہو رہا ہے 90 روز میں ہونے والے انتخابات شاید ملتوی ہو جائیں، آئینی مدت سے انتخابات آگے لے جانا غیر آئینی ہوگا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما رضا ربانی سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا نئی مردم شماری کے حوالے سے بلوچستان سے یکجہتی (بقیہ نمبر 56)

معروف ماہر تعلیم (اپسما) راولپنڈی ڈویژن کے صدر منتخب

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تفصیلات کے مطابق سابق صدر اپسما راولپنڈی ڈویژن ابرار احمد خان کے زیر اہتمام اپسما کی ڈویژنل باڈی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈویژن بھر سے (بقیہ نمبر 54)

تاشقند: نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی اور ازبکستان کے وزیر زراعت ڈاکٹر عزیز ووٹوف مصافحہ کر رہے ہیں

ضلعی انتظامیہ نے دفعہ 144 میں 12 اگست تک توسیع کر دی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گزشتہ روز ضلعی انتظامیہ نے دفعہ 144 میں 12 اگست تک توسیع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق شہر بھر میں جلسے، جلوس، ریلیوں اور اجتماعات اور آذان کے (بقیہ نمبر 48)

آل پاکستان نیٹ ورک ایسوسی ایشن کا قیام و عبوری گورننگ باڈی کا اعلان

ہم بھی ملک کے بڑے شہروں و قصبوں میں صارفین کو معیاری و سستی انٹرنیٹ سروس فراہم کر رہے ہیں

گوجرخان (قمر شہزاد) آل پاکستان نیٹ ورک ایسوسی ایشن کا قیام و عبوری گورننگ باڈی کا اعلان راولپنڈی کے نجی ہوٹل میں ملک کے اہم بڑے و چھوٹے شہروں میں انٹرنیٹ فراہمی میں آل پاکستان نیٹ ورک ایسوسی ایشن سے منسلک پرائیوٹ کمپنیوں کا اہم کردار پہلے باضابطہ اجلاس میں (بقیہ نمبر 46)

چیئرمین پی ٹی آئی کو سزا سنانے والے جج ہمایوں دلاور انگلینڈ پہنچ گئے

چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ نے جج کی جوڈیشل کانفرنس میں شمولیت کیلئے نامزدگی کی تھی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین تحریک انصاف کو 3 سال کی سزا دینے والے ایڈیشنل سیشن جج ہمایوں دلاور جوڈیشل کانفرنس میں شرکت کے لیے انگلینڈ پہنچ گئے۔ جج ہمایوں دلاور کی لندن ٹریننگ نامزدگی متعلق چار اگست کا خط سامنے آ گیا، چیف جسٹس نے جج کی جوڈیشل کانفرنس میں شمولیت کے لیے نامزدگی کی، اسلام آباد ہائیکورٹ کے رجسٹرار نے چار اگست کو خط سیشن جج کو لکھا، خط (بقیہ نمبر 57)

راولپنڈی، کھدائی کے دوران زہریلی گیس سے 4 افراد جاں بحق

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) گوجرخان کے علاقہ مسہ کسوال میں کنویں کی کھدائی کے دوران 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق چاروں افراد کنویں میں موجود زہریلی گیس سے جاں بحق ہوئے اور میتیں تحصیل ہیڈ کوارٹر (بقیہ نمبر 55)

باجوڑ اور لوئر دیر سمیت کے پی کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے

پشاور (بیورو رپورٹ) باجوڑ اور لوئر دیر سمیت خیبر پختونخوا (کے پی) کے مختلف علاقوں میں صبح سویرے زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس کے بعد لوگ کلمہ طیبہ اور درود شریف کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے اور کئی گھنٹے کھلے (بقیہ نمبر 49)

جامع مسجد فیضان مدینہ جی ٹی روڈ کی تیسری بلڈنگ بنانے کے لیے افتتاحی تقریب

تمام پروجیکٹس کی تکمیل کے لیے ساڑھے 7 کروڑ کی تخمینہ لاگت مخیر حضرات سے تعاون کی اپیل

گوجرخان (قمرشہزاد) تفصیلات کے مطابق مرکزی جامع مسجد فیضان مدینہ جی ٹی روڈ گوجرخان میں زیر تعلیم طلباء اور نمازیوں کو مخیر حضرات کے تعاون سے جدید ترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی گی جس سے شہر میں بہت بڑا اسنٹر بن گیا اور روزانہ کثیر تعداد میں یہاں نمازی حضرات نماز کی ادائیگی کر رہے ہیں سرپرست اعلی اور دیگر عہدیداران نے مسجد میں نماز جمعہ میں نمازیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کو مزید سہولیات کی فراہمی اور مسجد کی تیسری منزل پر جہاں ٹینٹ لگا کر نمازیوں کو موسمی (بقیہ نمبر 47)

عمران کیساتھ جو کچھ ہوا وہ مکافات عمل ہے، ریحام خان

یہ وہی لوگ ہیں جو میاں نواز شریف کی نااہلی و گرفتاری پر تالیاں بجا رہے تھے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی توشہ خانہ کیس میں گرفتاری کے بعد ان کی سابقہ اہلیہ ریحام خان کا کہنا ہے کہ جو توشہ خانہ کا فیصلہ آیا ہے وہ مکافات عمل ہے۔ 5 اگست ہفتے کے روز اسلام آباد کی سیشن عدالت نے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کو تین سال قید کی سزا سنائی جس کے بعد چیئرمین پی ٹی آئی کو لاہور سے گرفتار کر لیا گیا۔ اسلام آباد (بقیہ نمبر 58)

عمران کے خلاف کیسز پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے، امریکہ

دنیا بھر کے ممالک کو قانون کی حکمرانی کے لیے کہتے ہیں، امریکی محکمہ خارجہ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی گرفتاری پر امریکی محکمہ خارجہ کا ردعمل آ گیا۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان کی جانب سے سابق وزیراعظم عمران خان نے کی گرفتاری کو پاکستان کا اندرونی معاملہ قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی اور دیگر سیاست دانوں کے خلاف کیسز پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے، دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی ہم جمہوری اصولوں کے احترام اور قانون کی حکمرانی کے لیے کہتے ہیں۔

عمران خان کی اٹک جیل میں گزری پہلی رات کا احوال سامنے آ گیا

چیئرمین پی ٹی آئی نے رات کا کچھ حصہ سو کر گزارا، وہ نماز تہجد کیلئے بھی اٹھے اور نماز فجر ادا کر کے جیل کا مہیا کردہ ناشتہ کیا

جیل مینول کو مدنظر رکھتے ہوئے تولیہ، ٹشو پیپر، منرل واٹر، عینک، تسبیح، گھڑی، کرسی، زمین پر سونے کیلئے میٹرس مہیا کیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعظم اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی توشہ خانہ کیس میں گرفتاری کے بعد اٹک جیل میں گزری ان کی پہلی رات کی تفصیلات سامنے آ گئیں، چیئرمین پی ٹی آئی کو بھی اسی سکیورٹی بیرک میں رکھا گیا ہے جہاں نواز شریف بھی کچھ عرصہ قید رہے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین تحریک انصاف نے پہلی رات اٹک جیل کی ہائی سکیورٹی بیرک میں گزاری، جہاں انہیں رات کا کھانا (بقیہ نمبر 50)

ہمارے پاس اب غلطی کی کوئی گنجائش نہیں، احسن اقبال

نوجوانوں کو عالمی ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے منسلک کرنے کیلئے لیپ ٹاپ فراہم کر رہے ہیں: وفاقی وزیر منصوبہ بندی

نوجوان ہمارے ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں، 2047 تک پاکستان کا شمار 10 عالمی طاقتوں میں ہوگا: تقریب سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ انڈسٹری اور اکیڈمیہ کی بہتری کیلئے نیو ٹیک کا کردار قابل ستائش ہے۔ نوجوان ہمارے ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ نوجوانوں کو عالمی ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے منسلک کرنے کے لیے لیپ ٹاپ فراہم کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر منصوبہ بندی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے نیو ٹیک یونیورسٹی اسلام آباد میں (بقیہ نمبر 59)

اے سی گوجرخان کا جی ٹی روڈ پر تجاوز ریڑھی بانوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

انفورسمنٹ ٹیم کی جانب سے لاوڈ اسپیکر پر اعلان کر کے وارننگ جاری

گوجرخان (قمرشہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ کا جی ٹی روڈ کی دونوں اطراف پر تجاوز ریڑھی بانوں کے ساتھ سختی سے نمٹنے کا اعلان انہوں نے انفورسمنٹ انسپکٹرز خواجہ بلال سلیم، ملک فیض اللہ اور انفورسمنٹ ٹیم کے ہمراہ شہر کا دورا کیا اور اس موقع پر انفورسمنٹ ٹیم نے ریڑھی بانوں کے خلاف کارروائیاں کیں اور لاوڈ اسپیکر پر اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ جو بھی ریڑھی لگا کر روڈ کی دونوں اطراف پر راستے بند کرتے ہوئے پایا گیا تو اس کے خلاف سختی سے نمٹا جائے گا (بقیہ نمبر 51)

گھر سے مزدوری کے لیے نکلنے والے مزدور لقمہ اجل کا شکار بن گے

کنویں کی صفائی کے دوران گیس بھرنے سے 4 افراد جانحق 1 بے ہوش

گوجرخان (قمرشہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجرخان کے نواحی علاقہ آڈرہ خورد میں افسوسناک واقع، نئی خانقاہ کے نواحی علاقہ آڈرہ خورد میں کنویں کی صفائی کے دوران گیس بھرنے سے چار افراد جانحق ایک بے ہوش اہلیان علاقہ حادثے کی خبر پر فورا جائے حادثہ پہنچ گے نوجوان اموات پر علاقے کی فضا سوگوار ہر آنکھ اشک بار واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں اور پولیس تھانہ گوجرخان موقع پر پہنچ گی ذرائع کے مطابق کنویں کی صفائی کے (بقیہ نمبر 52)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ پروانشل کوآرڈی نیشن اینڈ امپلیمنٹیشن کمیٹی کا 11ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد: افغان سفیر سردار احمد شکیب کی سربراہی میں افغان وفد جمعیت علمائے اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کر رہا ہے

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
روزنامہ راولپنڈی

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

پاکستان کی معدنی دولت

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان میں چھ کھرب ڈالر کے معدنی ذخائر موجود ہیں، 75 سالوں میں ہم نے اپنی قیمتی دولت پر توجہ نہیں دی، اب انشا اللہ اس سے استفادہ کیا جائے گا، سرمایہ کاری کے لئے قائم کیا جانے والا قومی ادارہ سپیشل انوسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل) ایس آئی ایف سی (پاکستان کی ترقی کا بہترین ماڈل ہے، اس کے تحت ہم آگے بڑھیں گے اور سرمایہ کاری کے راستے میں حائل رکاوٹیں دور کریں گے۔ وہ اسلام آباد میں منعقدہ پاکستان منرل سمٹ کے افتتاحی سیشن سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریکوڈک منصوبہ ملکی تاریخ میں خاص اہمیت کا حامل ہے، 75 سال تک ہم کسی کارٹل یا سیاسی وجوہات کی بنا پر تذبذب کا شکار رہے۔ ریکوڈک میں پاکستان پر 10 ارب ڈالر جرمانہ کیا گیا اگر ہم یہ جرمانہ ادا کرتے تو سارا زرمبادلہ اس پر خرچ ہوجاتا۔ تھر میں کوئلے کے دنیا کے سب سے بڑے ذخائر موجود ہیں، آج کوئلے سے شروع ہونے والے منصوبے سے ہم فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ کھربوں ڈالر کے معدنی ذخائر رکھنے کے باوجود دیکھیں ہم کہاں کھڑے ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ 1970 کی دہائی میں تعمیر کی گئی سٹیل ملز روس کی شراکت سے بنی، اس کا خام مال درآمد کیا جاتا رہا، کالا باغ ڈیم میں لوہے کے ذخائر تک رسائی حاصل کی گئی تاہم اسے بھلا دیا گیا، باوجود اس کے کہ آج کے دور میں جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے اسے سٹیل مل کے لئے خام مال کے طور پر استعمال کیا جاسکتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کی غلطیوں سے سیکھ کر ہمیں آگے بڑھنا ہوگا۔ چنیوٹ میں لوہے کے بڑے ذخائر ہیں بدقسمتی سے بدعنوانیوں کی وجہ سے ہم ان سے فائدہ نہیں اٹھا سکے۔ منرل سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر نے کہا کہ ہمیں امید کا دامن کسی حال میں نہیں چھوڑنا چاہئے، یہ ہماری معاشرتی ذمہ داری ہے کہ ملکی معیشت میں اپنا کردار ادا کریں، حکومت نے پاکستان کے تمام اداروں سے مل کر ایف آئی ایف سی کے قیام کو یقینی بنایا۔ پاکستان کا پہلا منرل سمٹ پاکستان میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ داروں کو آسان کاروبار کے لئے نئے اصول وضع کرتا ہے۔ ہمیں سرمایہ کار دوست نظام کو یقینی بنانا ہے۔ ملک میں معدنیات کے وسیع ذخائر موجود ہیں جو کہ مشترکہ کاوشوں سے عمل پذیر لائے جاسکتے ہیں۔ معدنیاتی منصوبے ترقی کا زینہ ہیں کیونکہ ہماری سرزمین بہت سے معدنیات سے مزین ہے اور اس صلاحیت کو مکمل طریقے سے استعمال میں لانے کے لئے ہم غیر ملکی سرمایہ کاروں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ پاکستان میں چھپے خزانوں کو دریافت کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان کے پاس مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع ہیں، ہم درست معاشی سمت میں رواں دواں ہیں، ہمارے پاس کھربوں ڈالر کے اثاثے موجود ہیں جبکہ دوست ممالک اور عالمی کمپنیاں پاکستان میں کام کرنے کی خواہشمند بھی ہیں۔ خطہ ارض میں چھپے کھربوں ڈالرز کی معدنیات کی تلاش کے لئے عالمی اداروں کی توجہ مبذول کرائی گئی ہے، یہ قدم اگرچہ ہم نے خاصی تاخیر سے اٹھایا ہے تاہم اس کے باوجود دیر آید درست آید کے مصداق یہ قدم پاکستان کا مستقبل بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے دنیا کا بہترین نہری نظام، انتہائی زرخیز مٹی، کھربوں ڈالر کے معدنی ذخائر، وسیع میدان، پہاڑ اور سمندر، زرعی اعتبار سے بہترین موسم، نوجوانوں پر مشتمل آبادی کا بڑا حصہ عوام کی حاکمیت کی علامت، ارلیمانی جمہوریت، دنیا کی بہترین افواج میں شامل فوج، گوادر اور کراچی کی بہترین بندرگاہیں، سی پیک کی تکمیل کی صورت پورے ملک میں پھیلا سڑکوں کا جال، بجلی، گیس، پانی، غرض ترقی کرنے کے لئے مطلوب ہر طرح کے وسائل دستیاب ہیں۔ تاخیر سے سہی لیکن موجودہ حکومت نے ملک کو درپیش معاشی چیلنجوں کے خلاف لائحہ عمل تو مرتب کیا، باوجود اس کے کہ اس کے پاس بہت زیادہ وقت نہیں تھا۔ ملک ڈیفالٹ کے خطرے سے نکل چکا، ہم سبز انقلاب کی جانب بڑھ رہے ہیں، دوست ممالک ہمارے ساتھ کھڑے ہیں، سی پیک کا دوسرا مرحلہ شروع ہو چکا ہے اور ہم نے اپنی معدنیات کی کھوج کا بیڑہ بھی اٹھالیا ہے۔ اگر ثابت قدمی سے اسی سمت آگے بڑھتے رہے تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم معاشی دلدل سے باہر نہ نکل سکیں، دہائیوں سے اٹھائے کشکول کو توڑ کر پھینک دینے میں کامیاب نہ ہوں۔ حکومتی اقدامات سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ پاکستان میں موجود معدنیات کے ذخائر کی تلاش میں کئی بین الاقوامی کمپنیاں دلچسپی رکھتی ہیں تاہم ماضی کے تجربات کی بنا پر تذبذب کا شکار رہی ہیں۔ امید ہے کہ آنے والی حکومتیں ملکی مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی سیاسی مصلحتوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ان پالیسیوں کو جاری و ساری رکھیں گی۔ اب ماضی کی غلطیوں کو دہرانے کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔ پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے دنیا کا بہترین نہری نظام، انتہائی زرخیز مٹی، کھربوں ڈالر کے معدنی ذخائر، وسیع میدان، پہاڑ اور سمندر، زرعی اعتبار سے بہترین موسم، نوجوانوں پر مشتمل آبادی کا بڑا حصہ عوام کی حاکمیت کی علامت، ارلیمانی جمہوریت، دنیا کی بہترین افواج میں شامل فوج، گوادر اور کراچی کی بہترین بندرگاہیں، سی پیک کی تکمیل کی صورت پورے ملک میں پھیلا سڑکوں کا جال، بجلی، گیس، پانی، غرض ترقی کرنے کے لئے مطلوب ہر طرح کے وسائل دستیاب ہیں۔ تاخیر سے سہی لیکن موجودہ حکومت نے ملک کو درپیش معاشی چیلنجوں کے خلاف لائحہ عمل تو مرتب کیا، باوجود اس کے کہ اس کے پاس بہت زیادہ وقت نہیں تھا۔ ملک ڈیفالٹ کے خطرے سے نکل چکا، ہم سبز انقلاب کی جانب بڑھ رہے ہیں، دوست ممالک ہمارے ساتھ کھڑے ہیں، سی پیک کا دوسرا مرحلہ شروع ہو چکا ہے اور ہم نے اپنی معدنیات کی کھوج کا بیڑہ بھی اٹھالیا ہے۔ اگر ثابت قدمی سے اسی سمت آگے بڑھتے رہے تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم معاشی دلدل سے باہر نہ نکل سکیں، دہائیوں سے اٹھائے کشکول کو توڑ کر پھینک دینے میں کامیاب نہ ہوں۔ حکومتی اقدامات سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ پاکستان میں موجود معدنیات کے ذخائر کی تلاش میں کئی بین الاقوامی کمپنیاں دلچسپی رکھتی ہیں۔

"سیاست دان تاریخ سے کب سیکھیں گے"

تحریر: اعجاز علی ساغر اسلام آباد

کہتے ہیں سیاست کے سینے میں دل نہیں ہوتا اب یہ فقرہ تھوڑا مزید وسعت اختیار کرگیا ہے اب سیاست دانوں کے سینے میں بھی دل نہیں رہا آج کے سیاستدان کافی بے حس ہوچکے ہیں یہ ایکدوسرے کو تکلیف میں دیکھ کر خوش ہوتے ہیں اور خوشی کے شادیانے بجاتے ہیں ایسا نہیں ہونا چاہیئے, سیاستدان کو وسیع القلب ہونا چاہیئے آج کل پاکستان میں جو حالات ہیں اس میں حکمران طبقہ عمران خان کو اس حالت میں دیکھ کر بہت خوش نظر آتا ہے میں اپنے تین چار کالمز میں ذکر کرچکا ہوں کہ سانحہ 9 مئی جیسے پرتشدد واقعات نہیں ہونے چاہییں سیاستدان کبھی متشدد نہیں ہوتا وہ مشکل حالات میں بھی صبر کا پیمانہ لبریز نہیں ہونے دیتا آپ نیلسن منڈیلا ہی کی مثال لے لیں انہوں نے 27 سال جیل میں گزارے ان پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑے گئے مگر انہوں نے اف نہ کی جب رہا ہوکر صدر بنے تو ایک ہوٹل پر کھانا کھانے کیلئے بیٹھے سامنے ایک شخص کھانا کھا رہا تھا جوں ہی اس شخص کی نظر نیلسن منڈیلا پر پڑی تو وہ تھر تھر کانپنے لگا اور اس کا کھانا چھوٹ گیا ساتھ بیٹھے لوگوں نیہ منظر دیکھا اور پوچھا کہ شاید یہ آدمی بیمار ہے اور اسکو ریشے کی بیماری ہے نیلسن منڈیلا نے کہا کہ نہیں یہ شخص بیمار نہیں ہے بلکہ یہ اس جیل کا گارڈ ہے جس میں, میں قید رہا یہ شخص روزانہ مجھ پر بے پناہ تشدد کرتا تھا اور میرے منہ پہ پیشاب تک کردیا کرتا تھا آج یہ مجھے اچانک سامنے دیکھ کر تبھی پریشان ہے کہ اب میں اس سے بدلا لوں گا, تاریخ گواہ ہے منڈیلا نے اس شخص کو اپنے پاس بلایا اور پاس بٹھا کر کھانا کھلایا اور جاتے ہوئے اسے گلے لگایا اور کہا کہ میں نے آپ کو معاف کردیا عظیم لیڈر اور قومیں ایسے نہیں بن جاتیں بہت کچھ سہنا پڑتا ہے سانحہ 9 مئی بھی عدم برداشت کا ایک واقعہ تھا جو بالکل نہیں ہونا چاہیئے تھا لیکن اس سانحے کے بعد تحریک انصاف اور عمران خان کیخلاف جتنا گند سیاستدانوں نے اچھالا وہ باعث شرم ہے اپنی سیٹ پکی کرنے کیلئے من گھڑت چیزیں میڈیا پر لائی گئیں اور انہیں ہر طرح سے بدنام کرنے کی کوشش کی گئی بہت ساری چیزیں اب منظر عام پہ آرہی ہیں جس سے قوم کو اندازہ ہوجائے گا کہ رسی کا سانپ کیسے بنا۔ سیاستدان تھوڑا ماضی میں جھانکیں کہ کسطرح قائداعظم کی وفات پر خوشیاں منائی گئیں اور کرسی کیلئے بابائے قوم کو بھی نہ چھوڑا گیا پھر لیاقت علی خان کو گولی لگی سیاست دانوں نے جشن منایا, فاطمہ جناح کی وفات خوشیوں کے شادیانے بجائے گئے, ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی لگی سیاستدانوں نے خوشیاں منائیں پھر بینظیر بھٹو سے نوازشریف, نوازشریف سے جنرل مشرف اور جنرل مشرف سے پھر عمران خان تک کے سیاسی منظرنامے میں دیکھیں اس سارے عمل میں عوام کا کم اور سیاستدانوں کا عمل دخل زیادہ رہا وہ ہر دور کے ڈکٹیٹر کو خوش کرنے کیلئے اپنے بہن بھائیوں کو قربان کرنے کیلئے تیار ہوجاتے ہیں آج عمران خان گرفتار ہوئے ہیں اور حکومت خوشیاں منارہی ہے کل یہ گرفتار ہوں گے تو عمران یا ان کے اتحادی خوش ہوں گے۔ حکومتی بنچوں پر بیٹھے تمام سیاست ماضی میں یہ سب کچھ برداشت کرچکے ہیں یہ سب قید وصعوبتوں والی زندگی گزار کر آئے ہیں ان کو اپنی وہ تکلیفیں یاد نہیں ہیں کہ کس طرح ان کیساتھ کیا سلوک ہوا آج وہی سلوک کسی دوسرے کیساتھ ہوتے دیکھ کر وہ کتنے خوش ہورہے ہیں آپ نے کبھی کوے دیکھے ہیں اگر کوئی ایک کوا کسی بھی وجہ سے زخمی ہوجائے یا کوئی انسان ان کو گزند پہنچائے تو باقی کوے اس کے ارگرد جمع ہوکر شور مچانا شروع کردیتے ہیں اور سب مل کر اس انسان پر حملہ کردیتے ہیں ہمارے سیاستدان پتہ نہیں کیوں ایسی باتوں پر غور نہیں کرتے۔ میاں نوازشریف جو ابھی تک باہر ہیں کیا ان کو بھی حالات کا ادراک نہیں ہے کہ کتنا مشکل ہوتا ہے جلاوطنی کی زندگی گزارنا, وہ اپنی بیوی کے جنازے میں شامل تک نہیں ہوسکے وقت جیسا بھی ہو گزر جاتا ہے یہ بھی گزر ہی جائے گا لیکن پی ڈی ایم حکومت کا یہ ڈیڑھ سال کسی صورت بھی اچھا دور تصور نہیں ہوگا۔ موجودہ صورتحال میں پیپلز پارٹی نے تھوڑی سی لچک دکھائی ہے اور انہوں نے ارادہ ظاہر کیا ہے کہ اگلے الیکشن میں تحریک انصاف بھی حصہ لے لیکن مسلم لیگ ن مسلسل ضد پہ اڑی ہوئی ہے کہ نہیں تحریک انصاف کا صفایا ہونا چاہیئے کسی حد تک بات ان کی بھی ٹھیک ہے وہ ایک کہاوت ہے ناں کہ کبھی بھی اپنے اچھے وقت میں کسی کے ساتھ برا سلوک مت کرو ورنہ لوگ آپ کے برے وقت میں آپ کیساتھ بہت برا سلوک کریں گے یہی کام اب تحریک انصاف کیساتھ ہورہا ہے انہوں نے اپنے دور اقتدار میں ن لیگ پر کافی ظلم وستم کیے ہیں آج ن لیگ اقتدار میں آکر اپنے بدلے لے رہی ہے۔ یہ سلسلہ اب بند ہونا چاہیئے تمام سیاستدان اپنے اختلافات کو پس پشت ڈالیں اور اس ملک کی خاطر اکٹھے ہوجائیں اگر 13 جماعتوں کی PDM بن سکتی ہے تو تحریک انصاف کو ساتھ ملا کر ایک گرینڈ پارٹی وجود میں لائی جائے جس کو دو حصوں میں تقسیم کردیا جائے 6 ماہ ایک حصے کو دیے جائیں کہ حکومت کرو جبکہ دوسرا حصہ اپوزیشن بینچوں پہ بیٹھے جبکہ اگلے چھ ماہ میں اپوزیشن حکومتی بینچوں اور موجودہ حکومت اپوزیشن بینچوں پر بیٹھے اور پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں اور اگر ایسا نہیں کرنا تو پھر جو پارٹی حکومت بنائے اس کو پانچ سال پورے کرنے دیے جائیں چاہے کچھ بھی ہوجائے تاکہ پانچ سالہ کارکردگی سے عوام کو پتہ چل سکے کہ کون کتنے پانی میں ہے یا عوام کیلئے کون سی پارٹی نے سب سے زیادہ کام کیا اس طرح ہی ملک ترقی کی راہ پہ گامزن ہوسکے گا۔ عمران خان کی گرفتاری پر خوش ہونے والے کل اپنی باری کا انتظار کریں کیونکہ پچھلے چار سال جو عمران خان نے کیا آج وہ اسکی سزا بھگت رہے ہیں آج جو اتحادی حکومت عمران خان اور ان کے اتحادیوں کیساتھ کررہی ہے کل یہی سلوک ان کیساتھ ہوگا وقت کبھی کسی کو معاف نہیں کرتا سیاستدان اپنی آنکھیں کھولیں اور استعمال ہونا چھوڑ دیں اور سب ملکر پاکستان کی ترقی وخوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

چوہدری فضل اور میں

سید طارق جاوید مشہدی

فجر کی نماز اور قاری صاحب کے مختصر مگر مفید درس قرآن کے بعد کچھ دیر کی سیر کے بعد ہمارے جیسے تھک کر آرام کی جگہ تلاش کرنے والوں کے لیے رکھے گئے ایک بچ پر بیٹھا میں کوئل کی کوں کوں، کووں کی کاں کاں، چڑیوں کی چڑ چڑ اور اپنے ناشتے کی تلاش میں دوسرے پرندوں کی آوازوں اور انہیں پھدکتے، ادھر ادھر آتے جاتے دیکھ کر اندر ہی اندر خوشی محسوس کر رہا تھا۔ کچھ اور سر پھرے جو اپنی پھیلتی ہوئی توندوں، بڑھتی شوگر کے علاج کے لئے اپنی بیگمات کے دبا اور ان کے ہی کہنے پر ڈاکٹر کے مشورے پر صبح کی سیر کے ساتھ ساتھ نگران حکومت کے قیام، مہنگائی پر بات چیت اور ناتمام سیاسی عدم استحکام پر بات کررہے تھے۔ عین اس لمحے محلے کے لمبے تڑنگے چوہدری فضل کا گزر وہاں سے ہوا۔ مجھے دیکھ کر سلام کر کے میرے ساتھ بچ پر بیٹھ گئے۔ کہنے لگے تم بھی خوشی کے ہارمون سیروٹونن کی تلاش میں سورج کی پہلی کرنوں میں بیٹھے ہو، میں نے بھی وہی پڑھا ہے جو تم نے پڑھا یعنی سورج طلوع ہونے سے لے کر ساڑھے نو بجے تک سورج کی کرنوں میں سیروٹونن ہارمون ملتا ہے۔ عرصے کے بعد میں نے ان کی بات پر قہقہہ لگایا کہ جیسے کوئی چوری پکڑی جاتی ہے ورنہ تو اب کم ہی ایسا موقع ملتا ہے کہ کھل کر ہنسا جائے۔ میں نیسورج کی طرف سے آنے والی کرنوں میں سے سیروٹونن جسم میں اترتا ہوا محسوس کیا اور شعوری طور پر خوشی کا اظہار بھی کیا۔ اچانک چوہدری صاحب نے ایک سوال کیا کہ تمہاری نظر میں سب سے بڑا خوف کیا ہے؟ میں نے کہا ان ہونی کا خوف، یہ نہ ہوجائے،،وہ نہ ہوجائے۔۔۔اگر ایسا ہوگیا تو۔۔۔؟

کہنے لگے اس میں رزق کے ختم یا چھن جانے کا خوف بھی شامل کرلو اور پھر اس سے بھی بڑا خوف نوکری جانے کا خوف ہے۔ زندگی میں موت سے پہلے اس سے بڑا خوف کوئی اور نہیں کہ موت کو بھگتنے والا کبھی واپس نہیں آیا کہ وہ بتا سکے کہ یہ کیا چیز ہے۔ بس رزق کا خوف ہمیں مار دیتا ہے۔ ہماری صلاحیتوں کو کھا جاتا ہے۔ ہمیں گیدڑ بنا دیتا ہے۔ جب کہ اللہ کا وعدہ کہ ہمیں ہمارے حصے کا رزق ضرور دے گا اور ہمارا حال یہ ہے کہ ہم اللہ پر ہی اعتماد نہیں کرتے۔ کہنے لگے کہ زندگی بھر کا نچوڑ یہ ہے کہ اپنا کام صحیح سمت میں کرنے کی بھرپور کوشش کرو، صبر کرو اور نتیجہ اللہ پر چھوڑ دو۔ اللہ کو یہ کائنات چلانے کا کھربوں سال کا تجربہ ہے، وہ بہترین جاننے والا ہے اور ہمیں بہترین دینے والا ہے۔ کہنے لگے، یہ جو سامنے پرندے اپنی خوراک تلاش کر کے کھا رہے ہیں ان کی کوئی جاب نہیں، کوئی بزنس نہیں، پھر بھی کس قدر خوش ہیں، خوش نہیں بھی ہیں تو انسانوں کی طرح اداس نہیں، کم از اس وقت تو بالکل نہیں۔ یہ سب اس لئے ہے کہ انہیں رزق چھن جانے کو خوف نہیں، انہیں نوکری یا کاروبار ختم ہونے کا خوف نہیں۔ سوچو ذرا کہ ہم انسان تو عقل و شعور والے ہیں، ہمیں تو اللہ نے ہر طرح سے منفرد پیدا کیا ہے۔ پھر بھی ہم خوف زدہ ہوتے ہیں کہ ہائے یہ کیا ہوگیا۔ خدارا خوف کے بت توڑ دو، بس نماز پڑھتے ہوئے صراط مستقیم کی گہرائی اور وسعت کو سمجھو، زندگی سورج کی ان کرنوں کی مانند خوب صورت ہوجائے گی جو لینے کے لئے تم اس بچ پر بیٹھے ہو۔ وہ اٹھے اور لمبے لمبے قدموں سے میری نظروں سے اوجھل ہوتے چلے گئے۔

میں نے ابھرتے ہوئے سورج کو دیکھا، ہلکی ٹھنڈی ہوا میں، سورج کی پھیلتی کرنوں کو ایک بار پھر اپنے اندر اترتا محسوس کیا، سیروٹونن کو اپنے اندر جذب کرتا، بچ سے اٹھا، شبنمی گھاس کی تہ سے اپنا ہاتھ تر کر کے اپنے چہرے کو تروتازہ کیا اور اپنے آپ سے وعدہ کیا کہ سب سے بڑے خوف سے نجات کی کوشش تو کرو۔ فجر کی نماز اور قاری صاحب کے مختصر مگر مفید درس قرآن کے بعد کچھ دیر کی سیر کے بعد ہمارے جیسے تھک کر آرام کی جگہ تلاش کرنے والوں کے لیے رکھے گئے ایک بچ پر بیٹھا میں کوئل کی کوں کوں، کووں کی کاں کاں، چڑیوں کی چڑ چڑ اور اپنے ناشتے کی تلاش میں دوسرے پرندوں کی آوازوں اور انہیں پھدکتے، ادھر ادھر آتے جاتے دیکھ کر اندر ہی اندر خوشی محسوس کر رہا تھا۔ کچھ اور سر پھرے جو اپنی پھیلتی ہوئی توندوں، بڑھتی شوگر کے علاج کے لئے اپنی بیگمات کے دبا اور ان کے ہی کہنے پر ڈاکٹر کے مشورے پر صبح کی سیر کے ساتھ ساتھ نگران حکومت کے قیام، مہنگائی پر بات چیت اور ناتمام سیاسی عدم استحکام پر بات کررہے تھے۔ عین اس لمحے محلے کے لمبے تڑنگے چوہدری فضل کا گزر وہاں سے ہوا۔ مجھے دیکھ کر سلام کر کے میرے ساتھ بچ پر بیٹھ گئے۔ کہنے لگے تم بھی خوشی کے ہارمون سیروٹونن کی تلاش میں سورج کی پہلی کرنوں میں بیٹھے ہو، میں نے بھی وہی پڑھا ہے جو تم نے پڑھا یعنی سورج طلوع ہونے سے لے کر ساڑھے نو بجے تک سورج کی کرنوں میں سیروٹونن ہارمون ملتا ہے۔ عرصے کے بعد میں نے ان کی بات پر قہقہہ لگایا کہ جیسے کوئی چوری پکڑی جاتی ہے ورنہ تو اب کم ہی ایسا موقع ملتا ہے کہ کھل کر ہنسا جائے۔ میں نیسورج کی طرف سے آنے والی کرنوں میں سے سیروٹونن جسم میں اترتا ہوا محسوس کیا اور شعوری طور پر خوشی کا اظہار بھی کیا۔ اچانک چوہدری صاحب نے ایک سوال کیا کہ تمہاری نظر میں سب سے بڑا خوف کیا ہے؟ میں نے کہا ان ہونی کا خوف، یہ نہ ہوجائے،،وہ نہ ہوجائے۔۔۔اگر ایسا ہوگیا تو۔۔۔؟

کہنے لگے اس میں رزق کے ختم یا چھن جانے کا خوف بھی شامل کرلو اور پھر اس سے بھی بڑا خوف نوکری جانے کا خوف ہے۔ زندگی میں موت سے پہلے اس سے بڑا خوف کوئی اور نہیں کہ موت کو بھگتنے والا کبھی واپس نہیں آیا کہ وہ بتا سکے کہ یہ کیا چیز ہے۔ بس رزق کا خوف ہمیں مار دیتا ہے۔ ہماری صلاحیتوں کو کھا جاتا ہے۔ ہمیں گیدڑ بنا دیتا ہے۔ جب کہ اللہ کا وعدہ کہ ہمیں ہمارے حصے کا رزق ضرور دے گا اور ہمارا حال یہ ہے کہ ہم اللہ پر ہی اعتماد نہیں کرتے۔ کہنے لگے کہ زندگی بھر کا نچوڑ یہ ہے کہ اپنا کام صحیح سمت میں کرنے کی بھرپور کوشش کرو، صبر کرو اور نتیجہ اللہ پر چھوڑ دو۔ اللہ کو یہ کائنات چلانے کا کھربوں سال کا تجربہ ہے، وہ بہترین جاننے والا ہے اور ہمیں بہترین دینے والا ہے۔ کہنے لگے، یہ جو سامنے پرندے اپنی خوراک تلاش کر کے کھا رہے ہیں ان کی کوئی جاب نہیں، کوئی بزنس نہیں، پھر بھی کس قدر خوش ہیں، خوش نہیں بھی ہیں تو انسانوں کی طرح اداس نہیں، کم از اس وقت تو بالکل نہیں۔ یہ سب اس لئے ہے کہ انہیں رزق چھن جانے کو خوف نہیں، انہیں نوکری یا کاروبار ختم ہونے کا خوف نہیں۔ سوچو ذرا کہ ہم انسان تو عقل و شعور والے ہیں، ہمیں تو اللہ نے ہر طرح سے منفرد پیدا کیا ہے۔ پھر بھی ہم خوف زدہ ہوتے ہیں کہ ہائے یہ کیا ہوگیا۔ خدارا خوف کے بت توڑ دو، بس نماز پڑھتے ہوئے صراط مستقیم کی گہرائی اور وسعت کو سمجھو، زندگی سورج کی ان کرنوں کی مانند خوب صورت ہوجائے گی جو لینے کے لئے تم اس بچ پر بیٹھے ہو۔ وہ اٹھے اور لمبے لمبے قدموں سے میری نظروں سے اوجھل ہوتے چلے گئے۔ میں نے ابھرتے ہوئے سورج کو دیکھا، ہلکی ٹھنڈی ہوا میں، سورج کی پھیلتی کرنوں کو ایک بار پھر اپنے اندر اترتا محسوس کیا۔

آئی ایم ایف کے ٹیکے

حامد ولید

اس حکومت نے جاتے جاتے عوام کو پٹرول کا ٹیکہ لگادیا ہے، جب آئی تھی تب بھی لگایا تھا۔ اس وقت اس لئے لگایا تھا کہ آئی ایم ایف سے قرض لینا تھا، اب اس لئے لگادیا ہے کہ آئی ایم ایف سے قرض مل گیا ہے۔ یہ پٹرول کے نہیں آئی ایم ایف کے ٹیکے ہیں جو پوری قوم کو لگ رہے ہیں۔ پچھلی حکومت بھی عوام کو اسی طرح ٹیکے لگارہی تھی جس طرح مرغی کے بچوں کو مرغی خانے میں ہاتھ سے دبوچ کر سوئی چبوئی جاتی ہے۔ پاکستانی عوام کو اب تک اتنے ٹیکے لگ چکے ہیں کہ اب ہماری عورتوں میں مردانہ اور مردوں میں زنانہ اوصاف ہویدا ہوتے جارہے ہیں، یہ ان ٹیکوں کا ری ایکشن ہے جو کبھی اسٹیبلشمنٹ اور کبھی سیاسی رہنما ترقی کے نام پر عوام کو لگاتے رہے ہیں۔

عمران خان نے تو طفل تسلیوں کے ایسے ٹیکے لگائے کہ ان کے ظلے شاہ فوجی تنصیبات پر چڑھ دوڑے۔ یہ ان ٹیکوں کا کمال تھا جو عمران خان نے خود کو اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے لگنے والے ٹیکے کے ری ایکشن کے طور پر اپنے فالوئرز کو لگایا تھا۔ اس کے بعد اب اسٹیبلشمنٹ ایک ایک شر پسند کو پکڑ کر ٹیکے لگارہی ہے اور سپریم کورٹ ڈیکسی نیشن کو کپڑوں والی الماری میں چھپانے کے جتن کرتی نظر آرہی ہے۔ اس پر ہمیں ایک ناول ماہی ماہی کوکدیاد آگیا جس میں جاگیردار باپ کو جب پتہ چلتا ہے کہ اس کی بیٹی سائیں کو دل دے بیٹھی ہے تو اسے کمرے میں لے جا کر الماری میں شیشی نکال کر دو گھونٹ پلا دیتا ہے تو بیٹی کی حالت غیر ہونا شروع ہوجاتی ہے۔ وہ اسے آرام سے بستر پر لٹا کر اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے روتا ہے تو بیٹی کہتی ہے بابا ایک بات پوچھوں، کیا پھوپھو کو بھی اسی شیشی سے دوا پلائی تھی!

خیر پٹرول کی قیمت میں 20 روپے اضافہ کیا ہوا پی ٹی آئی کے حامیوں نے سوشل میڈیا پر طوفان برپا کردیا۔ ڈھونڈ ڈھونڈ کر مریم اورنگ زیب، شہباز شریف اور مریم نواز کی فوٹیج چلائی گئی جس میں وہ عمران حکومت کی جانب سے پٹرول کی قیمت میں اضافے پر سیخ پا ہوتے پائے گئے۔ کہیں مریم اورنگ کہہ رہی تھیں کہ پٹرول کی قیمت میں اضافہ کرتے ہوئے تمہیں شرم نہیں آئی اور کہیں شہباز شریف عوام کے دکھ میں اپنا دکھ گھولتے پائے گئے۔ غرض یہ کہ جیسے تیسے ہوسکا پی ٹی آئی کے حامیوں نے نون لیگیوں کو ثابت کرنے کی کوشش کی کہ ہور چوپو۔ یہی نہیں بلکہ جہاں کہیں کوئی نون لیگیا نظر آیا جھٹ سے فقرہ کستے پائے گئے کہ ہن آرام اے! ہم اپنے پی ٹی آئی کے دوستوں سے بس اتنا پوچھنا چاہیں گے کہ جب اسحق ڈار نے پٹرول کی قیمت میں 23 روپے کی ایک دفعہ اور دس بارہ روپے کی ایک دفعہ کمی کی تھی تب تو آپ نے سوشل میڈیا پر کوئی شور نہیں مچایا تھا، تب تو پتہ نہیں آپ کو کیا موت پڑ گئی تھی کہ کوئی کسکنے کو تیار نہ تھا۔ گویا ثابت ہوا کہ خالی عمران خان نہیں ان کے حواری بھی غضب کے لوگ ہیں، لگتا ہے کہ انہیں پٹرول کے بڑھنے کم ہونے سے اتنا فرق نہیں پڑتا، ان کی چیخیں نہیں نکلتیں، ان کا کلیجہ منہ کو نہیں آتا جتنا یہ بات سوچ کر ان کو غشی کے دورے پڑنے لگتے ہیں کہ نوازشریف چوتھی مرتبہ ملک کا وزیراعظم بننے جارہا ہے۔ کیا کمال کا دکھ پایا ہے ہمارے پی ٹی آئی کے دوستوں نے کہ اس دکھ کے سامنے اپنا ہر دکھ بھول گئے ہیں۔ اس صورت حال کو کوئی اور اپنے فائدے کے لئے استعمال کرے نہ کرے، ہماری اسٹیبلشمنٹ نے خوب کیا ہے جس نے پہلے عمران خان کو گود میں اٹھایا ہوا تھا اور اب شہباز شریف کے صدقے واری جارہی ہے۔ یہ ہماری آپسی اناں کی جنگ ہے جس نے اسٹیبلشمنٹ کو چھا جانے کی ہمت عطا کی ہے۔

شوبز SHOWBIZ

ترقی کیلئے تعلیم کو لازمی قرار دیا جانا بہت ضروری ہے: شبیر جان

تعلیم کے میدان میں کامیابی حاصل کئے بغیر ہم ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتے



لاہور (شوبز نیوز) سینئر اداکار شبیر جان نے کہا ہے کہ ملک سے غربت اور جہالت کے خاتمے کیلئے حکومت کے ساتھ معاشرے کو بھی اپنا کردار ادا کرنے کیلئے آگے آنا ہوگا۔ شبیر جان نے اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں کہا کہ تعلیم کے میدان میں کامیابی حاصل کئے بغیر ہم ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتے اس لئے تعلیم کو لازمی قرار دیا جانا بہت ہی ضروری ہوگیا ہے۔ شبیر جان نے اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں کہا کہ تعلیم کے میدان میں کامیابی حاصل کئے بغیر ہم ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتے اس لئے تعلیم کو لازمی قرار دیا جانا بہت ہی ضروری ہوگیا ہے۔

اکشے کمار کی نئی فلم 'او مائی گاڈ 2' کا ٹریلر جاری

2012 میں بالی وڈ کی کامیڈی، طنز و مزاح سے بھرپور فلم او مائی گاڈ کو ریلیز کیا گیا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ سپر سٹار اکشے کمار کی کامیاب فلم او مائی گاڈ کا دوسرا سیکوئل نمائش کے لیے تیار، فلم کے ٹریلر کو جاری کر دیا گیا۔ 2012 میں بالی وڈ کی کامیڈی، طنز و مزاح سے بھرپور فلم او مائی گاڈ کو ریلیز کیا گیا، اس فلم اکشے کمار میتھن چکرابرتی، پریش راول اور اوم پوری نے مرکزی کردار ادا کیا۔ اب اسی فلم کے دوسرے سیکوئل کو 11 اگست کو ریلیز کیا جا رہا ہے، اس فلم میں بھی گذشتہ فلم کی ہی ہندو مذہب کے حوالے سے مزاحیہ انداز میں تنقید کی گئی۔ یہ فلم ایک آدمی کی اپنے بیٹے کی تعلیم کے حق کے لیے لڑنے کی کہانی ہے۔ اس آدمی کا کردار پنکج ترپاتی نے ادا کیا ہے، فلم 11 اگست سے سینما گھروں کی زینت بننے جارہی ہے۔ بالی وڈ سپر سٹار اکشے کمار کی کامیاب فلم او مائی گاڈ کا دوسرا سیکوئل نمائش کے لیے تیار، فلم کے ٹریلر کو جاری کر دیا گیا۔ 2012 میں بالی وڈ کی کامیڈی، طنز و مزاح سے بھرپور فلم او مائی گاڈ کو ریلیز کیا گیا، اس فلم اکشے کمار میتھن چکرابرتی، پریش راول اور اوم پوری نے مرکزی کردار ادا کیا۔ اب اسی فلم کے دوسرے سیکوئل کو 11 اگست کو ریلیز کیا جا رہا ہے، اس فلم میں بھی گذشتہ فلم کی ہی ہندو مذہب کے حوالے سے مزاحیہ انداز میں تنقید کی گئی۔ یہ فلم ایک آدمی کی اپنے بیٹے کی تعلیم کے حق کے لیے لڑنے کی کہانی ہے۔ اس آدمی کا کردار پنکج ترپاتی نے ادا کیا ہے۔

پاکستان کو شاید نظر لگ گئی ہے جو اسے ترقی کا سفر راس ہی نہیں آتا' ثناء فخر

ثناء فخر نے کہا کہ ہم اس سال چودہ اگست کو 76 واں یوم آزادی منانے جا رہے

لاہور (شوبز نیوز) نامور اداکارہ ثناء فخر نے کہا ہے کہ سیاستدانوں کے غیر ذمہ داران بیانات سے پورا ملک غیر یقینی کی صورتحال سے دوچار ہے، پاکستان کو شاید نظر لگ گئی ہے کہ جو اسے ترقی کا سفر راس ہی نہیں آتا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ثناء فخر نے کہا کہ ہم اس سال چودہ اگست کو 76 واں یوم آزادی منانے جا رہے ہیں لیکن ہماری حالت آج بھی نومولود جیسی ہے، خطے کے ممالک ہم سے ترقی میں کہیں آگے نکل چکے ہیں اور ہماری سیاست ہی ختم نہیں ہو رہی۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی قیادت سے درخواست ہے۔

فن پر عبور رکھنے والوں نے زیادہ نام کمایا ہے، صبا قمر

جن دوستوں نے ساتھ دیا، انہیں زندگی میں کبھی فراموش نہیں کرسکوں گی، اداکارہ

کراچی (شوبز نیوز) اداکارہ صبا قمر نے کہا ہے کہ کوئی بھی فنکار صرف خوبصورتی کی بنا پر نام کوئی نہیں کما سکتا۔ اس کیلئے فن کے جراثیم ہونا نا گزیر ہے۔ تفصیلات کے مطابق اپنے ایک انٹرویو میں صبا قمر نے کہا ہے کہ شوبز سمیت کوئی بھی شعبہ ہو، اگر آپ اس کی مہارت نہیں رکھتے تو آپ آگے نہیں بڑھ سکتے۔ یہ نہیں کہا جاسکتا کہ شوبز میں خوبصورت چہرے ہی کامیابی حاصل کرتے ہیں بلکہ اس کے برعکس فن پر عبور رکھنے والوں نے زیادہ نام کمایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے ماضی کو کبھی نہیں بھولتی اور خاص طور پر مشکل حالات میں جن دوستوں نے ساتھ دیا۔

لیجنڈ گلوکار کشور کمار کی 94 ویں سالگرہ ''آج'' منائی جائے گی

ممبئی (شوبز نیوز) برصغیر کے لیجنڈ گلوکار کشور کمار کی 94 ویں سالگرہ آج 4 اگست کو منائی جائے گی۔ اپنی آواز سے برصغیر کی فلمی صنعت میں پہچان بنانے والے کشور کمار آج بھی لوگوں کے دلوں میں زندہ ہیں۔ برصغیر کے لیجنڈ گلوکار کشور کمار کا اصل نام ابہاس کمار گنگولی تھا وہ 4 اگست 1929 کو بھارتی ریاست مدھیہ پردیش میں ایک بنگالی خاندان میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد ایک وکیل تھے اور کشور اپنے 4 بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے۔ وہ ابھی چھوٹے ہی تھے کہ ان کے بھائی اشوک کمار نے ممبئی میں اداکاری شروع کی جس کے بعد ان کے ایک بھائی انوپ کمار بھی فلموں سے وابستہ ہوئے۔

بھارتی اداکار عمران خان کا بڑے پردے پر واپسی کا عندیہ

عمران خان 2015 کے بعد سے کسی فلم میں نظر نہیں آئے

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی اداکار عمران خان نے ایک مرتبہ پھر بڑے پردے پر واپسی کا عندیہ دیدیا۔ واضح رہے کہ دہلی بیلی، لک، میرے برادر کی دلہن، جانے تو یا جانے نہ جیسی مشہور فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھانے والے عمران خان 2015 کے بعد سے کسی فلم میں نظر نہیں آئے۔ تاہم حال ہی میں اداکارہ شبانہ اعظمی کی پوسٹ پر ایک مداح کے تبصرے کے جواب میں عمران خان نے عندیہ دیا کہ وہ دوبارہ فلموں میں واپسی کریں گے۔ ہوا کچھ یوں کہ ایک مداح نے شبانہ اعظمی کی انسٹاگرام پوسٹ پر تبصرے کرتے ہوئے تحریر کیا۔

کیا رمشا خان واقعی اداکاری چھوڑ رہی ہیں۔۔۔؟

شوبز انڈسٹری چھوڑنے سے متعلق تمام خبروں کو بے بنیاد قرار دے دیا

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ رمشا خان نے شوبز انڈسٹری چھوڑنے کے حوالے سے گردش کرتی خبروں پر لب کشائی کر دی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اسٹوری شیئر کرتے ہوئے اداکارہ رمشا خان نے شوبز انڈسٹری چھوڑنے سے متعلق تمام خبروں کی تردید کرتے ہوئے انہیں بے بنیاد قرار دے دیا۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر وائرل خبروں پر کان نہ دھرنے کی درخواست کرتے ہوئے اپنی انسٹا اسٹوری میں لکھا کہ 'میں اداکاری نہیں چھوڑ رہی، براہ کرام سوشل میڈیا پر جو دیکھیں اُس پر یقین نہ کریں'۔ خیال رہے کہ گزشتہ چند دنوں سے اداکارہ رمشا خان کا ایک ویڈیو کلپ وائرل ہو رہا تھا جس میں اداکارہ نے ایک سوال پر شادی کے بعد اداکاری سے کنارہ کشی اختیار کرنے کا اظہار کیا تھا۔ تاہم اب رمشا خان نے اس حوالے سے تمام خبروں کی تردید کر دی ہے۔ خیال رہے کہ اس سے قبل رمشا خان نے شادی سے متعلق پوچھے گئے متعدد سوالات پر کھل کر بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ ابھی ان کا شادی کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔

SPORTS سپورٹس

آزادی کپ ٹین پن باؤلنگ ٹورنامنٹ کی تیاریاں شروع

ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن نے آزادی کپ ٹین پن باؤلنگ ٹورنامنٹ کی تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ یہ 9 اگست سیلیبرٹی باؤلنگ کلب، جناح پارک، راولپنڈی میں شروع ہوگا۔ گزشتہ روز پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمٰن نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں اور ٹورنامنٹ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گی، انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں آٹھ مختلف کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مینز سنگلز، مینز ڈبلز، لیڈیز سنگلز، ایچور، ڈیف، ٹیم ایونٹ، انٹر یونیورسٹی اور انٹر سکول کیٹگریز کے مقابلے شامل ہیں، ایونٹس میں شرکت کی خواہش رکھنے والے کھلاڑی اپنے ناموں کی رجسٹریشن یکم سے 7 اگست تک کرواسکتے ہیں۔ ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل مقابلے 13 اگست کو جبکہ فائنل مقابلے 14 اگست کو کھیلے جائیں گے، ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔ جن میں مینز سنگلز، مینز ڈبلز، لیڈیز سنگلز، ایچور، ڈیف، ٹیم ایونٹ، انٹر یونیورسٹی اور انٹر سکول کیٹگریز کے مقابلے شامل ہیں، ایونٹس میں شرکت کی خواہش رکھنے والے کھلاڑی اپنے ناموں کی رجسٹریشن یکم سے 7 اگست تک کروا سکتے ہیں۔ ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل مقابلے 13 اگست کو جبکہ فائنل مقابلے 14 اگست کو کھیلے جائیں گے۔

ورلڈ کپ؛ پاک بھارت مقابلہ جنون آخری حدوں کو چھونے لگا

بھارتی ایئرلائنز اکتوبر کے وسط کیلیے منہ مانگے کرائے وصول کرنے میں مصروف

کراچی (سپورٹس نیوز) ورلڈ کپ میں پاک بھارت میچ کا جنون آخری حدوں کو چھونے لگا۔ ورلڈ کپ میں پاکستان اور بھارت کا میچ 15 کے بجائے 14 اکتوبر کو کھیلے جانے کا امکان ہے، آئی سی سی اس حوالے سے پاکستان کو آگاہ کر چکا جس پر پی سی بی نے رضامندی بھی ظاہر کردی، شیڈول میں تبدیلی کا اعلان آئی سی سی کی جانب سے جلد متوقع ہے، اس کے باوجود پاک بھارت میچ کیلیے جنون اپنی آخری حدوں کو چھو رہا ہے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق شائقین احمد آباد میں اس ہائی وولٹیج میچ سے لطف اندوز ہونے کیلیے بے قرار ہیں، صرف بھارت ہی نہیں بلکہ دنیا بھر سے شائقین کی بڑی تعداد اس شہر کا رخ کرنے والی ہے، اس لیے میزبان شہر کے ہوٹلز اور گیسٹ ہاؤسز کی چاندی ہوچکی، کرایوں میں کئی سو گنا کا اضافہ کردیا گیا، بڑے ہوٹلز میں تو تقریباً کمرے بک بھی ہوچکے ہیں۔

پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام دو روز کوچنگ اینڈ اوریینٹیشن کورس 7 اگست سے شروع ہوگا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام دو روز کوچنگ اینڈ اورینٹیشن کورس 7 اگست سے منی سپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد کراچی میں شروع ہو گا۔ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ کورس کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں، کورس میں تھرو بال، کیچ بال، جمپ اینڈ روپ سکیپنگ اور روک بال کے بنیادی ڈھانچے اور قوانین کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان گیمز کے پریکٹیکل بھی کروانے جائیں گے۔ انہوں کے کہا کہ کورس میں کوچز، کھلاڑی اور تعلیمی اداروں کے سپورٹس ٹیچرز حصہ لے سکتے ہیں۔ انہوں کے کہا کہ کورس میں کوچز، کھلاڑی اور تعلیمی اداروں کے سپورٹس ٹیچرز حصہ لے سکتے ہیں کورس میں شرکت کی خواہش رکھنے والے حضرات اپنی اپنی رجسٹریشن 6 اگست شام سات بجے تک وائس ایپ 00923213077577 یا ای میل pakistanstudentsolympic@gmail.com پر کروا سکتے ہیں۔ اور کورس کے اختتام پر شرکاء میں اسناد بھی تقسیم کی جائیں گی۔

تمیم اقبال ون ڈے ٹیم کی کپتانی سے دستبردار، ایشیا کپ سے باہر

تاہم ستمبر میں نیوزی لینڈ کے خلاف ہوم سیریز میں ایکشن میں دیکھائی دے سکتے ہیں

ڈھاکہ (سپورٹس نیوز) بنگلہ دیشی کرکٹ ٹیم کے اوپننگ بلے باز تمیم اقبال نے ون ڈے ٹیم کی کپتانی سے مستعفی ہونے کا اعلان کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلہ دیشی اوپنر کمر کی تکلیف میں مبتلا ہیں جس کے باعث وہ ایشیا کپ سے بھی باہر ہوگئے ہیں، تاہم ستمبر میں نیوزی لینڈ کے خلاف ہوم سیریز میں ایکشن میں دیکھائی دے سکتے ہیں۔ قبل ازیں جولائی میں تمیم اقبال کے ریٹائرمنٹ کے اعلان کے بعد وزیراعظم شیخ حسینہ واجد نے انہیں ملاقات کے لیے بلایا تھا اور ریٹائرمنٹ سے دستبردار ہونے پر قائل کیا تھا۔

انٹر ڈیپارٹمنٹ باکسنگ چیمپئن شپ 28 اگست سے کراچی میں شروع ہوگی

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام انٹر ڈیپارٹمنٹ باکسنگ چیمپئن شپ 28 اگست سے کراچی میں شروع ہو گی۔ پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل کرنل ریٹائرڈ ناصر اعجاز تنگ نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے 9 ٹیمیں حصہ لیں گی جن میں پاکستان آرمی، پاکستان نیوی، پاکستان ایئر فورس، پاکستان واپڈا، پاکستان ریلوے، ہائر ایجوکیشن کمیشن، پی اے ایف ٹیم اور کراچی پورٹ ٹرسٹ شامل ہیں۔

بھارت اپنا 200 واں ٹی 20 یادگار نہ بنا سکا، ویسٹ انڈیز کے ہاتھوں شکست

بھارتی ٹیم نے سری لنکا کے خلاف بھی لگاتار 10 سیریز اپنے نام کر رکھی ہیں

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی ٹیم ٹی 20 انٹرنیشنل میں 200 میچز کھیلنے والی دوسری ٹیم بن گئی، سب سے پہلے یہ اعزاز پاکستان کو حاصل ہوا تھا۔ ہاردک پانڈیا کی قیادت میں انڈین ٹیم اپنا 200 واں میچ یادگار نہ بنا سکی، کمزور حریف ویسٹ انڈیز نے پہلے ٹی 20 انٹرنیشنل میں 4 رنز سے شکست دیکر سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل کر لی۔ قبل ازیں بھارتی ٹیم نے کسی ایک حریف کے خلاف زیادہ فتوحات کا ریکارڈ بھی بنایا تھا، گزشتہ دنوں انڈین ٹیم نے ویسٹ انڈیز کے خلاف لگاتار 13 ویں ون ڈے سیریز میں فتح حاصل کی تھی جبکہ گرین شرٹس نے کیریبئین سائیڈ کے خلاف 10 ون ڈے سیریز جیتی ہیں، بھارتی ٹیم نے سری لنکا کے خلاف بھی لگاتار 10 سیریز اپنے نام کر رکھی ہیں۔

betbrick7
DREAM11

بھارتی ٹیم 200 واں ٹی 20 میچ یادگار نہ بنا سکی، ویسٹ انڈیز سے شکست

لاہور (سپورٹس نیوز) بھارتی ٹیم ٹی 20 انٹرنیشنل میں 200 میچز کھیلنے والی دوسری ٹیم بن گئی، سب سے پہلے یہ اعزاز پاکستان کو حاصل ہوا تھا۔ ہاردک پانڈیا کی قیادت میں انڈین ٹیم اپنا 200 واں میچ یادگار نہ بنا سکی، کمزور حریف ویسٹ انڈیز نے پہلے ٹی 20 انٹرنیشنل میں 4 رنز سے شکست دیکر سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل کرلی۔ قبل ازیں بھارتی ٹیم نے کسی ایک حریف کے خلاف زیادہ فتوحات کا ریکارڈ بھی بنایا تھا، گزشتہ دنوں انڈین ٹیم نے ویسٹ انڈیز کے خلاف لگاتار 13 ویں ون ڈے سیریز فتح حاصل کی تھی جبکہ گرین شرٹس نے کیریبئین سائیڈ کے خلاف 10 ون ڈے سیریز جیتی ہیں۔ بھارتی ٹیم نے سری لنکا کے خلاف بھی لگاتار 10 سیریز اپنے نام کیں، آئی لینڈرز 2007 کے بعد سے ایک روزہ سیریز میں مات نہیں دے سکے۔ دوسری جانب پاکستان کے پاس بھی 1996 سے 2021 تک زمبابوے کے خلاف کوئی بھی ون ڈے سیریز نہ ہارنے کا ریکارڈ موجود ہے۔

انٹرنیشنل فٹ بالر جمشید انور رانا کی انٹرنیشنل فیفا ریفری اخونزادہ عیسیٰ خان کی وفات پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) انٹرنیشنل فٹ بالر جمشید انور رانا نیانٹرنیشنل فیفا ریفری اخونزادہ عیسیٰ خان کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ انہوں نے اپنے ایک تعزیتی پیغام میں کہا کہ مرحوم کی فٹ بال کے کھیل کی ترقی کے لئے خدمات کو ہمیشہ کے لیے یاد رکھا جائے گا۔ انٹرنیشنل فٹ بالر جمشید انور رانا نیانٹرنیشنل فیفا ریفری اخونزادہ عیسیٰ خان کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

وزیراعظم کی معاون خصوصی روبینہ عرفان کی حمزہ خان کو مبارکباد

واضع رہے کہ پاکستان کے جان شیر خان 37 برس قبل یہ ٹائٹل اپنے نام کیا تھا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) وزیراعظم کی معاون خصوصی سینٹر روبینہ عرفان نے حمزہ خان کو ورلڈ جونیئر سکواش چیمپئن بننے پر مبارکباد دی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ حمزہ خان آئندہ بھی بین الاقوامی سطح پر ملک کا نام روشن کریں گے۔ روبینہ عرفان نے کہا کہ کھلاڑی ملک کا سرمایہ اور امن کے سفیر کا درجہ رکھتے ہیں ان کی کھیل کے میدان میں جتنی بھی حوصلہ افزائی کی جائے کم ہے۔ واضع رہے کہ پاکستان کے جان شیر خان 37 برس قبل یہ ٹائٹل اپنے نام کیا تھا۔ وزیراعظم کی معاون خصوصی سینٹر روبینہ عرفان نے حمزہ خان کو ورلڈ جونیئر سکواش چیمپئن بننے پر مبارکباد دی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ حمزہ خان آئندہ بھی بین الاقوامی سطح پر ملک کا نام روشن کریں گے۔ روبینہ عرفان نے کہا کہ کھلاڑی ملک کا سرمایہ اور امن کے سفیر کا درجہ رکھتے ہیں ان کی کھیل کے میدان میں جتنی بھی حوصلہ افزائی کی جائے کم ہے۔ واضع رہے کہ پاکستان کے جان شیر خان 37 برس قبل یہ ٹائٹل اپنے نام کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 1

آرٹس، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ترمیمی بل 2023، ٹریڈ مارکس ترمیمی بل 2023، انضباط درآمدات و برآمدات ترمیمی اور نشانات تجارت ترمیمی بل 2023 شامل ہیں۔ علاوہ ازیں حج عمرہ ریگولیشن بل 2023، پاکستان رویت ہلال بل 2023 اور امیگریشن ترمیمی بل 2023 کی بھی سینیٹ سے منظوری ہوگئی۔ اجلاس میں رضا ربانی اور کامران مرتضی بھی شریک ہوئے۔ وزیر ہوابازی خواجہ سعد رفیق نے سینیٹ اجلاس میں تبدیلی پاکستان بین الاقوامی ائرلائن کارپوریشن ترمیمی بل پیش کرتے ہوئے کہا کہ اگر پی آئی اے کو اس حال میں چھوڑا گیا تو قرضے مزید بڑھیں گے۔ حالت یہ ہے کہ قرضہ ادا کرنے کے لیے بھی قرضہ لینا پڑ رہا ہے۔ اگر یہی صورتحال رہی تو پی آئی اے ڈوب جائے گا۔ اجلاس میں وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے کہا کہ باجوڑ معاملے پر وزیراعظم سے بات کی ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر شہدا کے لواحقین کو 20 لاکھ روپے فی کس، شدید زخمیوں کو 7 لاکھ روپے فی کس دیے جائیں گے۔ اجلاس کے دوران وزارت خارجہ نے تحریری جواب میں بتایا کہ ڈاکٹر عافیہ کے مقدمے کے لیے 18 لاکھ 50 ہزار ڈالرز فیس ادا کی گئی۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ محسن عزیز نے کہا کہ آفیشل سیکریٹ ایکٹ ترمیمی بل کے لیے مزید 4 روز کی توسیع دی جائے، جس پر سینیٹ نے بل کے لیے 4 روز توسیع کردی۔ دوسری جانب صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کنٹونمنٹس)ترمیمی (بل 2023 کی منظوری دے دی۔ بل کا مقصد کنٹونمنٹس ایکٹ 1924 میں ترمیم کرنا ہے۔ صدر مملکت نے بل کی منظوری آئین کے آرٹیکل 75 کے تحت دی۔

بقیہ بقیہ جات 2

نقصان اور افسوسناک لمحات ہے جس سے برداشت نہیں کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد کسی بھی مذہب یا جماعت سے تعلق نہیں رکھتے اور نہ ہی ایسے کارروائیوں میں ملوث لوگ مسلمان کہنے جانے کے لائق ہیں، سکیورٹی کے ادارے ایک واقعہ میں ملوث عناصر کی نشان دہی کریں اور انہیں نشان عبرت بنائیں، ہم شہداء کے خانداروں سے مکمل اظہار ہمدردی کرتے ہیں خالق کائنات تمام شہداء کو فردوس میں اعلی مقام عطاء فرمائے لواحقین کو صبر دے اور زخمیوں کو اللہ تعالی جلد صحت یابی نصیب فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 3

ہٹانے، نگراں حکومت پنجاب کو کام سے روکنے اور الیکشن کمیشن کو پنجاب میں نئی نگراں حکومت کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کا حکم دے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ نئی نگراں حکومت کے آنے تک موجودہ حکومت کو بڑے فیصلے کرنے سے روکا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 4

جارہی ہیں، حکومت کی پالیسیوں سے ٹیکس نیٹ میں اضافہ نہیں ہورہا بلکہ کمی کا رجحان ہے۔ گزشتہ مالی سال میں 7400 ارب اکھٹے نہیں ہوئے تو رواں مالی سال میں 9415 ارب کس طرح اکھٹے ہوکیے جائیں گے، یقینی طور پر حکومت کو ٹیکس اہداف پر نظرثانی کرنا پڑے گی۔

بقیہ بقیہ جات 5

کررہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر اس ویڈیو کو بڑے پیمانے پر پھیلایا گیا۔ جھڑپ کے دوران دھمکی آمیز جملے سننے کو ملے کہ میں تمہارا فوجی رینک اتاردوں گی اور تم گھر بیٹھو گے۔

بقیہ بقیہ جات 6

جاری ہیں۔ یہ منصوبے فیڈرل جوڈیشل کونسل کے ساتھ قریبی ہم آہنگی میں شروع کیے جارہے ہیں جس کا حتمی مقصد یو اے ای کے عدالتی نظام میں پیشہ ورانہ اور قانونی کارکردگی کو بڑھانا ہے۔ یہ خصوصی پراسیکیوشن ادارے معاشی جرائم کی مختلف شکلوں کی تفتیش اور کریک ڈاؤن میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 7

متواتر قتل وغارت گری اور حملوں کا نشانہ بنتا رہا ہے اور 2022 میں استنبول میں قتل کی 324 وارداتیں ہوئیں جن میں 344 افراد ہلاک ہوئے۔ حکام نے ان واقعات کے سلسلے میں 793 افراد کو گرفتار کیا۔ 2021 میں شہر میں 294 ہلاکتیں ہوئیں تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 8

فحش ویڈیوز کے اسکینڈل میں یونیورسٹی کے چیف سکیورٹی افسر کو گرفتار کیا گیا۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ معاملہ انتہائی حساس ہے، عدالت معاملے کی انکوائری کے لیے جوڈیشل کمیشن یا ٹریبونل بنانے کا حکم دے، عدالت اس معاملے کی تحقیقات کی خودنگرانی کرے۔

بقیہ بقیہ جات 9

رہی تھی، تاہم آئندہ مالی سال 19-2018 کے دوران گنے کی پیداوار کا حجم 6 کروڑ 71 لاکھ 74 ہزار ٹن تک کم ہوگیا۔ اس طرح مالی سال 20-2019 کے دوران ملک کی گنے کی پیداوار 6 کروڑ 63 لاکھ 80 ہزار ٹن کی ریکارڈ سطح تک کم ہوگئی، جو گذشتہ پانچ مالی سالوں میں گنے کی سب سے کم سالانہ ملکی پیداوار ریکارڈ کی گئی۔ مالی سال 21-2020 کے دوران گنے کی پیداوار میں نمایاں اضافہ ہوا اور پیداواری حجم 8 کروڑ 10 لاکھ 9 ہزار ٹن تک بڑھ گیا۔ اسی طرح گذشتہ مالی سال 22-2021 کیلئے گنے کی قومی پیداوار 8 کروڑ 86 لاکھ 51 ہزار ٹن کی سطح تک بڑھ گئی، جو مالی سال 2018 تا 2022 کے عرصہ میں گنے کی سب سے زیادہ سالانہ قومی پیداوار رہی ہے

بقیہ بقیہ جات 10

بڑے کھڈوں سے گاڑیاں تباہ ہونے کیساتھ ساتھ حادثات کی شرح میں اضافہ ہوگیا ہے، مشن کالونی روڈ کی خستہ حالی پر مکینوں نے احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ رائے ونڈ شہر کو ملانے والی اس اہم ترین شاہراہ کو ہنگامی بنیادوں پر تعمیر کروایا جائے تا کہ روزانہ کی بنیاد پر سفر کرنیوالے ہزاروں افراد کی مشکلات کم ہوسکیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

60 فیصد فصلیں اور پھل بین الاقوامی معیارات کے مطابق ادویات کی وجہ سے مضر صحت اثرات کی حد سے تجاوز کررہے ہیں جو کہ ہماری برآمدات کو بھی محدود کیے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت توسیع پنجاب اور دیگر سرکاری اداروں کے شانہ بشانہ زرعی انڈسٹری کے ماہرین کو بھی کسانوں تک جدید ٹیکنالوجی پہنچانے کیلئے کاوشیں بروئے کار لانی چاہئیں تا کہ کاشتکاروں کو کیڑے مار ادویات کے معقول استعمال اور جدید ترین زرعی طریقوں سے آگاہ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ چائنہ میں کیڑے مار ادویات کے استعمال کے لئے ڈرون ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جارہا ہے۔ پاکستان میں بھی اسی طرز پر ڈرون ٹیکنالوجی کے فروغ کے لئے اقدامات عمل میں لانا ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی قومی سطح کی زرعی اجناس میں موجود مضر صحت اثرات کو جانچنے کیلئے ایم آر ایل لیب قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ جس میں انڈسٹری کو بھی اشتراک کرنا چاہیے۔ انہوں نے انڈسٹری پر بھی زور دیا کہ وہ کاشتکاروں کو آگاہی فراہم کرنے کیلئے شعبہ حشریات کے ساتھ مشترکہ کوششیں عمل میں لائیں۔ رشید احمد نے کہا کہ پاکستان کا شمار دنیا بھر میں تیزی سے بڑھتے ہوئی آبادی والے ممالک میں ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس صورتحال میں فوڈ سیکیورٹی ایک بڑا چیلنج بن کر سامنے آیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 12

ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ علماء کونسل ملک میں دہشتگردی کے واقعات کو دشمن ملک کی کارستانی اور ملک کیخلاف جاری گھناؤنی سازشوں کا حصہ سمجھتی ہے، ملکی بجٹ کا ایک بڑا حصہ سیکورٹی اداروں، پولیس اور رینجرز پر خرچ کرنے کے باوجود پاکستانی عوام کو ابھی تک دہشتگردی سے نجات نہیں مل سکی ہے، کے پی میں کئی بڑے فوجی آپریشن، لاکھوں لوگوں کی نقل مکانی، گھر اور کاروبار تباہ ہونے کے باوجود آج بھی دہشتگردی کی کارروائیاں جاری ہیں افغان بارڈر کو سیل کرنے کے بعد یہ دہشتگرد آخر کس طرح اسلحہ و گولا بارود سمیت اجتماعات میں گھس جاتے ہیں، مساجد شہید کرتے ہیں یہ ہماری سیکورٹی اداروں کیلئے ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے بم دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مطالبہ کیا کہ حکومت شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے، باجوڑ بم دھماکے کی فی الفور اور مکمل تحقیقات کروائی جائے اور دہشت گردی کی اس واردات میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 13

املاک کو نقصان پہنچانے اور جگہ جگہ احتجاج کرنے کی بجائے انہیں عدالتوں کا رخ کرنا چاہیے اور وہاں اپنی بے گناہی ثابت کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری پر احتجاج کرنے والوں پر کڑی نظر رکھی جائے کیونکہ احتجاج کرنے والوں میں دہشتگرد گھس جاتے ہیں جو موقعہ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے توڑ پھوڑ اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچاتے ہیں، جیسا کہ 9 مئی کا واقعہ پیش آچکا ہے۔ سیاسی کارکن احتجاج کریں جو ان کا جمہوری حق ہے مگر احتجاج کے دوران صبروتحمل اور ہوش کا دامن کسی صورت نہ چھوڑیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق 4 سے 6 اگست کے درمیان دریائے جہلم میں منگلا کے مقام پر سیلاب کا خدشہ ہے۔ دوسری جانب مون سون کی بارشوں کے باعث دریائے ستلج میں بھی پانی کا بہا مزید تیز ہوگیا، سطح بلند ہونے سے پاکپتن کے سلدیرا بند کے بعد کالے چشتیاں کا ریڑھی بند بھی ٹوٹ گیا، جس کے باعث ہزاروں ایکڑ فصلیں 50 کے قریب آبادیاں زیرآب آگئیں، ریسکیو اہلکار پانی میں پھنسے لوگوں کو نکالنے میں مصروف ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 15

کہ اس نے کسی دھمکی ولالچ سے مرغوب ہوئے بغیر حق اور سچ کا فیصلہ کرکے ایک متکبر شخص کو اپنے انجام تک پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی بارے فیصلہ عدلیہ اور ان کے جرم کا معاملہ ہے جس سے (ن) لیگ کا کوئی تعلق واسطہ نہیں ہے چیئرمین پی ٹی آئی بارے جو فیصلہ عدالت نے کیا ہے اس فیصلہ میں چیئرمین پی ٹی آئی خود کو بے گناہ ثابت کریں اگر اس موقع پر لیگی کارکنوں سے الجھنے کی کوشش کی گئی تو اینٹ کا جواب پتھر سے دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 16

خالد ٹیپو عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ باجوڑ ایجنسی میں جے یو آئی (ف) کے جلسے میں بدترین دہشت گردی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں یہ پاکستان کے امن کو تباہ کرنے کے ساتھ ساتھ سی پیک کے خلاف گہری سازش ہے، ہم پاکستان کے امن اور معاشی استحکام کیلئے ایک پیج پر ہیں ہم شہدا کی مغفرت اور بلندی درجات کے ساتھ پسماندگان کے ساتھ دلی تعزیت کرتے ہوئے صبر جمیل کی دعا کرتے ہیں اور حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس واقعہ کے ماسٹر مائنڈ عناصر کو کٹہرے میں لایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 17

ہوگئی ہے۔ مرد ووٹرز کی تعداد 6 کروڑ 79 لاکھ 39 ہزار 839 ہے اس میں 15 لاکھ سے زائد نئے ووٹرز ہیں۔ اضافی ووٹوں میں سے بڑا اضافہ پنجاب میں ہوا ہے اور 8 لاکھ 45 ہزار 378 مرد ووٹرز کا اضافہ ہوا ہے، مجموعی طور پر یہ اضافہ 19 لاکھ 51 ہزار 499 ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

لبے ہیں اور کیمپ میں وقفے وقفے سے جھڑپوں میں شدت آگئی۔ ایک عینی شاہد نے بتایا کہ متحارب گروپوں کے درمیان کشیدگی بڑھنے کے بعد دکانوں نے اپنے دروازے بند کردیے اور کچھ لوگ لبنان میں فلسطینیوں کے سب سے بڑے پناہ گزین کیمپ سے فرار ہوگئے ہیں۔ لبنانی فوج کا کہنا تھا کہ ایک مارٹر اس کے ہیڈکوارٹر کے اندر گرا جس کے نتیجے میں ایک فوجی زخمی ہوگیا۔ فلسطینی پناہ گزینوں کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے والے اقوام متحدہ کے تحت ادارے انروا نے کہا کہ وہ عین الحلوہ میں مقیم قریبا 50 ہزار افراد کو بنیادی سہولیات مہیا کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

ہے۔ انہوں نے بتایا کہ رواں مالی سال کے دوران پیاز کی شاندار پیداوار کے باعث برآمد میں اضافہ کا بھی امکان ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

مارچ میں درجہ حرارت پہلے پندرہ دنوں میں 13 سے 30 ڈگری سینٹی گریڈ ہونا ضروری ہوتا ہے مگر امسال ان دنوں درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ سے بھی زیادہ ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک اندازے کے مطابق ماحولیاتی تبدیلیوں اور درجہ حرارت بڑھنے کے باعث اس بار آم کی پیداوار میں کمی کا خدشہ ہے اس لیے آم کے باغبان باغات میں نمی زیادہ کرنے کیلئے روٹاویٹر، ہل وغیرہ بالکل نہ چلائیں اور وقفہ آبپاشی کم یعنی 10 سے 12 دن رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ آم کے چھوٹے پودوں کی ہفتہ وار آبپاشی کا شیڈول رکھیں اور چونکہ خشک سالی کی وجہ سے آم کے باغات میں تھرپس اور مائٹس کے حملہ کا امکان زیادہ ہوجاتا ہے لہٰذا تھرپس یا مائٹس کے حملہ کی صورت میں باغبان مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔ علاوہ ازیں باغبان موسم گرما میں گھاس اور پودوں کی کٹائی سے گریز کریں جس کے ساتھ ساتھ پودوں میں قوت مدافعت بڑھانے کیلئے حل پذیر پوٹاش کا 1 تا 2 فیصد سپرے بھی کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 21

کریں۔ یہ بات ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل زراعت (فارم اینڈ ٹریننگ) پنجاب لاہور ڈاکٹر اشتیاق حسن نے چنا اور مسور کے پیداواری منصوبہ 24-2023 کی منظوری بارے منعقدہ اجلاس کے شرکا سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہی جس میں چیف سائنٹسٹ زرعی تحقیقاتی ادارہ ایرڈ زون بھکر ڈاکٹر خالد حسین، ڈائریکٹر سوشل سائنسز ریسرچ انسٹیٹیوٹ (پی اے آر سی) فیصل آباد ڈاکٹر ارشد بشیر، سینئر سائنٹسٹ شعبہ دالیں آر آئی فیصل آباد عرفان رسول، سائنٹفک آفیسر سعدیہ کوکب، اسسٹنٹ پروفیسر اگرانومی زرعی یونیورسٹی فیصل آباد ڈاکٹر محمد سرور، سینئر سائنٹسٹ شعبہ اگرانومی آری فیصل آباد ڈاکٹر محمد کاشف، سینئر سائنٹسٹ شعبہ پلانٹ پیتھالوجی جاوید انور شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر شعبہ شماریات فیصل آباد اعجاز احمد، سینئر سائنٹسٹ شعبہ سائل فرٹیلٹی ندیم رضا اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر شعبہ زرعی اطلاعات فیصل آباد محمد اسحاق لاشاری و دیگر زرعی سائنسدانوں نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ چنا اور مسور اہم پھلی دار غذائی فصلیں ہونے کی وجہ سے دالوں میں اہم مقام کی حامل ہیں جو پروٹین سے بھرپور اور گوشت کا سستا ترین نعم البدل ہونے کے علاوہ چودہ بنیادی فوڈ آئٹمز میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث ہر سال اربوں روپے مالیت کی دالیں درآمد کی جاتی ہیں جبکہ کلائمیٹ چینج نے پاکستان بالخصوص تھل ایریا کو بہت زیادہ متاثر کیا ہے، جس سے چنے کی کاشت اور پیداوار میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی خودکفالت کے حصول اور معاشی استحکام کیلئے زرعی اجناس بالخصوص دالوں کی کاشت کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے تاہم دالوں کی کاشت کو کاشتکاروں کیلئے منافع بخش بنانے اور زیرکاشت رقبہ میں اضافہ کیلئے زرعی مارکیٹنگ نظام میں خاطر خواہ تبدیلیوں کی بھی ضرورت ہے۔ چیف سائنٹسٹ زرعی تحقیقاتی ادارہ ایرڈ زون بھکر ڈاکٹر خالد حسین نے کہا کہ چنا اور مسور کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیلئے اعلیٰ صلاحیت کی حامل ترقی دادہ اقسام کی بارانی علاقوں کے علاوہ آبپاش علاقوں میں مخلوط کاشت کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ڈاکٹر ارشد بشیر نے بتایا کہ حکومت پاکستان کی مالی معاونت سے پی اے آر سی کے زرعی سائنسدانوں کی کاوشوں سے بھکر، منکیرہ، چکوال اور اٹک کے علاوہ بلوچستان کے اضلاع مستونگ، بارخاں، تربت، لسبیلا، لورالائی اور جعفرآباد، سندھ کے اضلاع سکھر اور لاڑکانہ، خیبر پختونخوا میں کرک اور لکی مروت اور گلگت بلتستان میں دالوں کی کاشت اور پیداور میں اضافہ کیلئے پرامید ہیں۔ اجلاس میں زرعی ماہرین نے غور وخوض اور پیداواری ٹیکنالوجی میں چند ضروری ترامیم کے بعد پیداواری منصوبہ چنا اور مسور 24-2023 کی منظوری دیدی۔

بقیہ بقیہ جات 22

نے پہلی مرتبہ بیسویں صدی کی خواتین کیلئے سیاسی سفر کا آغاز کیا۔ آپ پاکستانی قوم کیلئے ماں کا درجہ رکھتی تھیں اسی لئے انھیں مادر ملت کا خطاب ملا، محترمہ فاطمہ جناح کی کوششوں کے نتیجے میں کراچی میں آپ کے نام پر خاتون پاکستان سکول کی بنیاد رکھی گئی جو 1963ء میں کالج بن گیا۔ محترمہ فاطمہ جناح اپنی اکثر تقاریر میں قوم سے اردو لکھنے، بولنے، پڑھنے پر زور دیتی تھیں، فاطمہ جناح ایک ممتاز سیاسی شخصیت اور خواتین کے حقوق کی علمبردار تھیں۔ پاکستان کیلئے سب کچھ قربان کردینے والی یہ عظیم ہستی 9 جولائی 1967ء کو 73 برس کی عمر میں اس دارفانی سے کوچ کرگئیں، آپ کا مزار قائداعظم کے مزار کے احاطے میں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

حیران کن تھا اور اس کا ان کے پاس اس وقت کوئی جواب نہیں بن پڑا۔ انہوں نے حیرت سے سوال پوچھنے والے کی طرف دیکھا اور جواب نہ دے سکنے پر شرمسار ہوگئیں۔ وہ اسے ٹال بھی نہیں سکتی تھیں۔ چنانچہ انہوں نے جھجکتے ہوئے جواب دیا، ہاں ... ہاں۔ مگر یہ سوال کا جواب نہیں تھا۔ وزیراعظم کے پاس پرچم کے رنگوں کے بارے میں جواب نہ ہونا اس بات کی علامت تھا کہ وہ اپنے قومی پرچم کے بارے میں کم ہی جانتی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 24

اپنی چالان جمع کروانے کی ذمے داری سے جان چھڑوا لیتے ہیں، خواتین سے زیادتی کیسز میں زیادہ تر مقدمات ابتدائی سطح پر ہی ختم ہوکر رہ جاتے ہیں متعلقہ تفتیشی افسران کی طرف سے مقدمہ کی مدعیہ و گواہان کو کئی کئی ماہ تک تفتیش ان کے بیانات ریکارڈ کرنے کے لیے بلایا نہیں جاتا جبکہ ملوث ملزم کے گرد رشوت ستانی کی خاطر گھیرا تنگ کردیا جاتا ہے مقدمہ میں ملزمان کی فراہمی کے بعد انہیں رعایت دینے کے لیے محکمانہ اختیارات سے تجاوز کیا جاتا ہے، جس کے بعد ملزمان کی طرف سے لی گئی ضمانتوں کو واپس لینے کے بھی انکشافات ہوئے ہیں تفتیشی افسران کی طرف سے ڈی این اے رپورٹ آنے تک التواء کا سلسلہ شروع کیا جاتا ہے اس طرح زیادتی کے اصل مقدمات میں بھی ملزمان سے صلح کر کے من مرضی کے بیانات کے ذریعے انہیں مقدمہ سے رہائی دلوانے کی کوشش کی جاتی ہے جبکہ تفتیشی افسران کی طرف سے ریپ کیسز کے مقدمات کو یکسو مقررہ وقت پر نہ کیا جانا معمول بن چکا ہے زیادہ تر کیسز کے چالان ہی جمع نہ ہوتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 25

آصف نعیم شیخ نے سی ای او پنجاب ماڈل بازار شاہد قادر کو آگاہ کیا جنہوں نے نجی تنظیم کی ترجمان مس امبرین سپرا کو درخواست کی جنہوں نے فوری طور پر رائے ونڈ ماڈل بازار میں واٹر فلٹریشن پلانٹ لگانے کا وعدہ کرتے ہوئے کام کا آغاز کردیا، واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب سے ہزاروں افراد روزانہ پینے کا صاف اور معیاری پانی مفت حاصل کرسکیں اس اقدام سے ماڈل بازار کے سٹال ہولڈرز اور مین بازار کی تاجر برادری نے مخیر حضرات کا شکریہ ادا کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

لاہور میں سزائے موت کے 156 قیدی ہیں جن میں 2 خواتین، سنٹرل جیل گوجرانوالہ میں 99 سزائے موت کے قیدی ہیں جن میں ایک خاتون، ڈسٹرکٹ جیل قصور میں 75، ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ میں 109، ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ میں 51، ڈسٹرکٹ جیل نارووال میں 26، سینٹرل جیل ساہیوال میں 114 قیدی ہیں جن میں ایک خاتون بھی شامل ہے، ہائی سکیورٹی پریژن جیل ساہیوال میں 48، ڈسٹرکٹ جیل اوکاڑہ میں 57، ڈسٹرکٹ جیل وہاڑی میں 36، سنٹرل جیل اڈیالہ راولپنڈی میں 226 جس میں ایک خاتون، ڈسٹرکٹ جیل اٹک میں 43، ڈسٹرکٹ جیل گجرات 50 جس میں ایک خاتون، ڈسٹرکٹ جیل جہلم و منڈی بہاؤ الدین میں 47،47، سنٹرل جیل فیصل آباد 174، ڈسٹرکٹ جیل جھنگ 91 سزائے موت کے قیدی ہیں جن میں 4 خواتین میں شامل ہیں، ڈسٹرکٹ جیل ٹوبہ ٹیک سنگھ 46، سنٹرل جیل میانوالی 96، ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا 89، ڈسٹرکٹ جیل شاہ پور 92 جس میں ایک خاتون بھی شامل ہے، ڈسٹرکٹ جیل بھکر 28، ڈسٹرکٹ جیل حافظ آباد میں ایک خاتون سمیت 41، سنٹرل جیل ملتان میں 195، ویمن جیل ملتان میں 8 خواتین، سنٹرل جیل بہاولپور 82، ڈسٹرکٹ جیل رحیم یارخان 11، سنٹرل جیل ڈیرہ غازی خان 57، ڈسٹرکٹ جیل راجن پور 37 اور ڈسٹرکٹ جیل لیہ میں 29 سزائے موت کے قیدی شامل ہیں۔ ریکارڈ کے مطابق ان 2296 سزائے موت پانے والے قیدیوں میں سی 2122 کی ہائیکورٹ، 184 کی سپریم کورٹ، 2 کی جی ایچ کیو میں اپیلیں زیرالتواء ہیں۔ سابق آئی جی جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر کا کہنا ہے کہ سزائے موت پانے والے قیدی خواہ مرد یا عورت ان کے ساتھ برابری کا ہی سلوک کیا جاتا ہے۔ صنفی حوالے سے خواتین کو کوئی رعایت دی جاتی۔ جیلوں کے اندر سزائے موت پانے والے قیدیوں کے لئے الگ سے سسٹم ہوتا ہے جس کے تحت وہ جیل میں زندگی گزارتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 27

کی گئی ہیں جس میں سے 130 چیک پوسٹس پہلی بنائی گئی ہیں، روہتی کے کچے کے اندر 100 چیک پوسٹس قائم کی گئی ہیں، 170 چیک پوسٹوں پر 1360 پولیس اہلکار تعینات ہیں۔ وزیراعلی سندھ نے آئی جی پولیس کو ہدایت دی کہ وہ ساری پولیس چیک پوسٹس کو پکا کروائیں۔ وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے کچے کی پولیس کو جدید اسلحہ فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی، انہوں نے کہا کہ میں پاک آرمی سے بات کر کے جدید اور حساس اسلحہ کچے کی پولیس کو دلواؤں گا۔ وزیراعلی سندھ نے آئی جی پولیس کو ہدایت کی کہ بہترین منصوبے کے ساتھ مجھے پورا کچہ ڈاکوؤں سے پاک کرکے دیں۔ آئی جی سندھ نے وزیراعلی سندھ کو بتایا گیا کہ 5400 ایکڑ کچے کا علاقہ ڈاکوؤں سے کلیئر کروایا گیا ہے، 70 مغوی بازیاب کروائے گئے ہیں اور 52 ڈاکو کو جہنم رسید کیے گئے ہیں: آئی جی پولیس نے بتایا کہ ڈاکوؤں کے 85 سہولت کار بھی گرفتار کیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 28

کے سینئر وائس چیئرمین سہیل اکبر، احسن منیر چاولہ وائس چیئرمین کے ہمراہ صنعتکاروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ میاں خرم الیاس نے کہا کہ غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ کیلئے حکومت بیرون ملک پاکستانی سفارتخانوں میں تعینات ٹریڈ آفیسرز کو فعال بنائیں تا کہ وہ بیرون ملک سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی جانب راغب کریں۔ غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ سے صنعتی شعبہ ترقی کرے گا ملکی معیشت مضبوط ہونے کے ساتھ حکومت کو مزید قرضوں سے نجات ملے گی، انہوں نے کہا کہ وون ونڈو آپریشن کی سہولت، خصوصی سہولت کونسل برائے سرمایہ کاری سے غیرملکی سرمایہ کاری بڑھے گی معاشی بحالی کیلئے براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری کلیدی حیثیت رکھتی ہے غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونگے، نوجوانوں اور خواتین کو روزگار ملے گا ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 29

وقت کو دو گھنٹے یا اس سے کم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ مستقبل میں ہم ایلات سے بحیرہ روم تک ریل کے ذریعے سامان کی نقل وحمل کے قابل ہوں گے اور اسرائیل کو ٹرین کے ذریعے سعودی عرب اور جزیرہ نما عرب سے بھی جوڑ سکیں گے۔ اس پر بھی، ہم کام کر رہے ہیں۔ اسرائیل کے ایک سینیئر قانون ساز نے کہا کہ سعودی عرب کے ساتھ کسی بھی قسم کے تعلقات استوار ہونے کا امکان نظر نہیں آتا، حالانکہ امریکی صدر جو بائیڈن نے گذشتہ ہفتے مشرق اوسط کی طاقتوں کے درمیان ممکنہ مفاہمت کی پیشین گوئی کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 30

کی راہداریوں کی حفاظت کے لیے سوڈانی جماعتوں کے عزم پر عمل درآمد کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 31

وزیر کے بیان کی وجہ سے پی آئی اے کو ابھی تک نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، پی آئی اے کی لینڈنگ کی وجہ سے سالانہ 71 ارب کا نقصان ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی پائلٹس جو دیگر ایئر لائنز میں تھے ان کو بھی گراؤنڈ کیا گیا، معاملے پر ایک کمیٹی بنائی گئی جس کا کنوینر میں ہوں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ کمیٹی میں قانون سازی اور جو کام ہورہا ہے اس کے نتائج سے فلائٹس بحال ہوں گی، اس وقت 743 ارب روپے صرف پی آئی اے کے ذمے قرضہ ہے، 262 ارب روپے کی حکومتی گارنٹی شامل ہے جو کہ بوجھ عوام کو ادا کرنا پڑتا تھا۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ اس سال بھی 110 ارب روپے کا پی آئی اے کو نقصان کا خدشہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوام کے سمندر کو دیکھ کر میری 16 ماہ کی تھکاوٹ اتر گئی ہے، آج ایک ٹرین حادثہ ہوا، 30 لوگ جاں بحق، 100 زخمی ہوئے ہیں، اللہ جاں بحق 30 افراد کو جنت میں جگہ عطا فرمائے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مزید کہا کہ آج آپ کو اپنے قائد نواز شریف کا سلام پیش کرنا چاہتا ہوں، یہ عوامی سمندر اس بات کی گواہی دے رہا ہے اگلا وزیراعظم نواز شریف ہوگا، آج تقریبا 263 ارب روپے کے منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھا ہے، 260 کلومیٹر کی موٹروے بنے گی تو اس علاقے میں خوشحالی آئے گی، نواز شریف اس موٹروے کے معمار ہیں، انہوں نے ملک بھر میں موٹروے کا جال بچھایا۔ انہوں نے کہا کہ 2008 میں 20، 20 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہوتی تھی، 2013 سے 18 کے درمیان بجلی کے اندھیرے ختم ہوئے، نواز شریف چین سے سی پیک لے کر آئے، سی پیک کے ذریعے پاکستان میں 30 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہوئی، لاکھوں کی تعداد میں نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر لیپ ٹاپس ملے، مجھ پر الزام لگتا تھا لیپ ٹاپس کے ذریعے نوجوانوں کو رشوت دے رہے ہیں، نوجوانوں کو لیپ ٹاپس نہ دوں تو کیا کلاشنکوف دے دوں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مزید کہا ہے کہ داسو، دیامر بھاشا ڈیم زیرتعمیر ہے ان کے معمار بھی نواز شریف ہیں، نواز شریف نے پاکستان کو ایٹمی طاقت بنایا، 5 دھماکوں کے مقابلے میں 6 دھماکے کرکے بھارت کے دانت کھٹے کیے، 5 ٹیلی فون کالز آئیں اور کہا گیا ایٹمی دھماکے نہ کریں 5 ارب ڈالر لے لیں، اس وقت کے 5 ارب ڈالر اس وقت کے 15 ارب ڈالر بن جائیں گے، نواز شریف نے کہا مجھے پاکستان کی بقا عزیز ہے۔

بقیہ بقیہ جات 33

حلقہ بندیوں کی نئی لسٹیں بنائی ہوں گی۔ الیکشن کمیشن کے سابق سیکریٹری کنور دلشاد نے پاکستانی چینل کو بتایا کہ نئی حلقہ بندیوں کے کام کی وجہ سے انتخابات اگلے سال کی 15 فروری سے پہلے ہونا ممکن نظر نہیں آتا۔ دوسری جانب پاکستان الیکشن کمیشن کے ترجمان نے اس معاملے میں فوری طور پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز اسلام آباد میں وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ہونے والے مشترکہ مفادات کونسل کے اجلاس میں نئی مردم شماری کی متفقہ طور پر منظوری دے دی گئی ہے۔ اس حوالے سے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کہ مشترکہ مفادات کونسل کے تمام 8 ارکان نے مردم شماری کی متفقہ منظوری دی۔ وزیر قانون نے کہا کہ حلقہ بندیوں کا کام 120 دن میں ہونا ہے، قومی اسمبلی میں تمام صوبوں کی نشستوں کا حصہ وہی رہے گا۔ انہوں نے کہا تھا کہ آئین کے آرٹیکل 51 کے تحت عام انتخابات شائع کی گئی مردم شماری کے مطابق ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 34

حادثے کے بعد کراچی سے اندرون ملک جانے اور آنے والے دونوں ٹریک بند کردیے گئے جبکہ کوٹری سے ریلیف ٹرین جائے حادثہ پر روانہ کی جا چکی ہے۔ وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے حادثے سے متعلق بتایا کہ یہ تخریب کاری بھی ہوسکتی ہے اور مکینیکل فالٹ بھی ہوسکتا ہے، ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کردی ہے، ابھی ابتدائی اطلاعات ہیں، مصدقہ اطلاعات آنا باقی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرین مناسب رفتار سے چل رہی تھی، ابتدائی اطلاعات کے مطابق ٹرین کی رفتار 45 کلومیٹر فی گھنٹہ تھی، صبح سوچ رہا تھا کہ 3 دن رہ گئے ہیں کوئی حادثہ نہ ہوجائے۔ آرمی چیف کی طرف سے خصوصی ہدایات کے بعد پاک فوج اور رینجرز نے جائے حادثہ پر پہنچ کر امدادی سرگرمیاں شروع کردیں، آرمی ایوی ایشن کے ہیلی کاپٹر بھی ریسکیو کیلئے جائے حادثہ پر موجود ہیں، اس اقدام کا مقصد ریسکیو ہیلی کاپٹرز سے جلد از جلد زخمیوں کی قیمتی جانوں کو بچانا ہے۔ پاک فوج اور رینجرز کے حکام جائے حادثہ پر اشیاء خورد و نوش بھی لے کر پہنچ رہے ہیں، پاک فوج کے ریسکیو آپریشن کا سلسلہ آخری زخمی کی ہسپتال منتقلی اور جائے حادثہ پر پھنسے افراد کی بحالی تک جاری رہے گا۔ وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے نوابشاہ کے قریب ریل گاڑی حادثے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حادثے میں جانی نقصان پر بہت دکھ ہوا ہے، انہوں نے ڈی سی نوابشاہ کو ہدایت کی کہ مسافر زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرین حادثے میں جاں بحق مسافروں کی تعداد 30 ہے، سندھ حکومت زخمیوں کو ہر ممکن اچھے علاج کی سہولیات فراہم کرے گی، نو بوگیاں کلیئر ہوچکی ہیں، دسویں کررہے ہیں، حادثہ بہت بڑا ہے، سندھ حکومت زخمیوں اور جاں بحق ہونے والوں کے ساتھ ہے۔ نوابشاہ ٹرین حادثے کے بعد ریلوے سکھر ڈویژن نے ایمرجنسی انفارمیشن سینٹر قائم کر دیا، ڈی سی او ریلوے سکھر کی ہدایت پر سکھر ریلوے سٹیشن پر ایمرجنسی انفارمیشن سینٹر قائم کیا گیا ہے، ٹرین حادثے میں زخمی اور جاں بحق ہونے والے مسافروں کی معلومات انفارمیشن سینٹر سے حاصل کی جا سکے گی۔ ایمرجنسی انفارمیشن سینٹر ڈیسک کے 2 ایمرجنسی ٹیلیفون نمبر بھی جاری کیے گئے ہیں، عوام 0719311166 اور 0715617676 پر رابطہ کرکے انفارمیشن حاصل کرسکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 35

ملک الیکشن کی طرف جارہا ہے اور الیکشن ہی مسائل کا واحد حل ہے، نفرتیں کم ہونی چاہئیں تا کہ صاف اور شفاف الیکشن ہوسکیں، چار دن کی حکومت حالات کو مزید سنگین اور گھمبیر نہ بنادے، عوام پہلے ہی مہنگائی اور بیروزگاری کے ہاتھوں مرے ہوئے ہیں حالات مزید بدسے بدتر ہوتے جارہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 36

کانفرنس کرتے ہوئے وزیر ہوابازی خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ اسلام آباد ایئرپورٹ کو آٹ سورس کرنے جا رہے ہیں، یہ ہماری گارنٹی ہے کہ کوئی ملازم بیروزگار نہیں ہوگا، اسلام آباد ایئرپورٹ کو 15 سال کیلئے آٹ سورس کیا جائے گا، اگلے مرحلے میں لاہور اور کراچی کی باری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا نے یہی کیا ہم پیچھے رہ گئے، ہمارے ایئرپورٹس جدید ہونے چاہئیں، ایک صاحب کے بیان کی وجہ سے پی آئی اے کو سالانہ 70 ارب روپے کا نقصان ہوتا رہا، یوکے سے جلد پروازوں کا آغاز ہوجائے گا۔ خواجہ سعد رفیق کا مزید کہنا تھا کہ ریلوے میں کام بہت ہونے والا ہے، گوادر میں 400 ایکڑ زمین ایکوائر کی گئی، ریلوے کے پروڈکشن یونٹ میں پرائیویٹ سرمایہ کاری لائی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

نے مزید کہا ہے کہ خواجہ سعد رفیق معاملات کی نگرانی کر رہے ہیں، وزیر ریلوے خود بھی موجود ہیں اور قوم کو بھی آگاہ کررہے ہیں اور یہ بات بہت حوصلہ افزا ہے، ذمہ داری کا احساس اور خدمت کا جذبہ دونوں لازم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 38

سے سانحہ باجوڑ پر افسوس کا اظہار کیا۔ شہداء کیلئے دعاء مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعاء کی گئی۔ اس موقع پر مولانا صلاح الدین ایوبی، علامہ راشد سومرو، انجینئر ضیاء الرحمان موجود تھے

بقیہ بقیہ جات 39

ٹی کے سامنے صحت جرم سے انکار کردیا، اس حوالے سے ملزمہ نے موقف اپنایا کہ بچی ہمارے گھر پر ملازمہ نہیں تھی اور نہ ہی کام کرتی تھی۔ جج کی اہلیہ نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ بچی پر کوئی تشدد نہیں کیا اسے سکن الرجی تھی، بچی کے سر پر چوٹ کیسے لگی اس کا ہمیں نہیں معلوم ہے، امداد کے طور پر بچی کے والدین کو اب تک ساٹھ ہزار روپے بھیجے تھے، پیسے اپنے شوہر سول جج عاصم حفیظ کے موبائل ایزی پیسہ سے بھیجے تھے۔ اسپیشل جج آئی ٹی نے ملزمہ سے تحریری جواب طلب کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 40

کیئے ہیں۔ "سراہتے ہوئے ایئر چیف نے اس امر پر زور دیا کہ عصر حاضر کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پاکستان کی سیاسی قیادت نے 'سپیشل انویسٹمنٹ فسیلیٹیشن کاؤنسل' کے قیام کا تصور پیش کیا تا کہ مطلوبہ روابط استوار کرتے ہوئے ایسے پلیٹ فارمز کا قیام عمل میں لایا جائے جو کہ پاکستان میں براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری کو فروغ دے سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک فضائیہ 'سپیشل انویسٹمنٹ فسیلیٹیشن کاؤنسل' کی سرپرستی میں قومی تعمیر کے منصوبوں، بالخصوص ایرو اسپیس اور آئی ٹی کے شعبہ جات میں اپنا کردار ادا کرے گی۔ سربراہ پاک فضائیہ نے نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک منصوبے کو ایک اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ ہائبرڈ ماڈل پر مبنی ایک کثیر الجہتی منصوبہ ہے جو کہ پاکستان کے بڑے شہروں میں پرائیویٹ سیکٹر اور ایرو اسپیس کلسٹرز پر محیط ہے۔ اس منصوبے کا سب سے اہم جزو اس میں شامل ایوی ایشن ڈیزائن اینڈ انوویشن سینٹر ہے جو کہ ٹیکنو پارکس، آئی ٹی کلسٹرز، نرسریوں اور بنیادی انکیوبیشن سینٹرز پر مشتمل ہے جسکی بدولت اسے پاکستان کی تاریخ کے سب سے منفرق اور بے مثال منصوبہ ہونے کا اعزاز حاصل ہوا۔ ایئر چیف نے مزید کہا کہ چونکہ نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک منصوبے کے بنیادی مقاصد میں مستحکم ماحول کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ مقامی صنعت کی تعمیر اور عوامی شعبوں کے درمیان ربط کے قیام جیسے مقاصد بھی شامل ہیں، اسی وجہ سے منصوبے میں 'ٹرپل ہیلکس ماڈل' پر بھی توجہ مرکوز رکھی گئی ہے جو کہ موجودہ دور کی ایک اہم ضرورت ہے۔ پاک فضائیہ منصوبے کے تمام اہم عناصر بالخصوص نینو ٹیکنالوجی، اسپیس، سائبر، آرٹیفیشل انٹیلیجنس، سپر کمپیوٹنگ، نیٹ ورکنگ، الگورتھم شامل ہیں، کو ایک چھت تلے اکٹھا کرے گی جس سے ملک میں کاروباری سرگرمیوں اور تکنیکی علوم کے فروغ کو آسان بنایا جاسکے گا۔ اپنے اختتامی کلمات میں سربراہ پاک فضائیہ نے ایک سال کے ریکارڈ وقت میں اس میگا پراجیکٹ کی تکمیل پر تمام اسٹیک ہولڈرز کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے اس پروجیکٹ کو کامیاب بنانے پر ٹیم میں مختلف شعبہ جات سے وابستہ اراکین کی کاوشوں کی بھی تعریف کی۔

بقیہ بقیہ جات 41

کو قانونی طریقے سے سزا ہوئی ہے، وہ اس کا سامنا کریں، 37 دفعہ وہ عدالت میں حاضر نہیں ہوئے۔ وزیر قانون نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری کا معاملہ سادہ سے کیس پر ہوا، گوشوارے قانون کے تابع ہوتے ہیں جو ویب سائٹ پر دستیاب ہوتے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی نے جو اثاثے ظاہر کیے اس پر کارروائی ہوئی، ان کی چوری پکڑی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ایک قانونی طریقہ کار کے تحت آپ کو سزا ہوئی ہے، آپ کے پاس تو نظرثانی اپیل کا بھی حق ہے، میاں نواز شریف اور یوسف رضا گیلانی کو تو اپیل کا حق بھی نہیں دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 2017 کی مردم شماری سے متعلق سیاسی جماعتوں کو اعتراض تھا جس کے باعث اس بار ڈیجیٹل مردم شماری کی گئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اتحادی جماعتوں کا بھی مؤقف ہے کہ الیکشن وقت پر ہوں، الیکشن کمیشن کو چاہیے وضاحت کیلئے بیان جاری کرے۔

بقیہ بقیہ جات 42

سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے، مقدمہ عدالتوں میں رہا، مقدمہ تفتیش کے مراحل میں رہا اور ٹرائل کے عمل سے بھی گزرا، پھر ٹرائل کورٹ نے فیصلہ دیا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ الزامات تھے کہ ایک شخص اختیارات کا ناجائز استعمال کرتا رہا، ایک شخص جو اپنے دفاع میں شہادت پیش کرنے میں ناکام رہا، مزید 4 مقدمات بھی ہیں جو ٹرائل کورٹس میں ہیں جن میں سے ایک کیس 19 کروڑ برطانوی پاؤنڈ سے متعلق ہے، یہ ایک مقدمہ ہے جو پایہ تکمیل کو پہنچا اور ٹرائل کورٹ نے اپنا فیصلہ دیا، ایک شخص نے 15 ماہ قانون سے فرار اختیار کیا اس کے خلاف عدالت نے فیصلہ کیا، کسی شک وشبہ کے بغیر بددیانتی ثابت ہونے پر عدالت نے اپنا فیصلہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک کیس سائفر سے متعلق، ایک 9 مئی اور ایک بیرونی فنڈنگ کا کیس ہے، ایسے شخص کو کھلی چھوٹ نہیں دے سکتے جس نے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف اور عمران خان کا موازنہ نہیں کیا جاسکتا، جب 2018 کے انتخابات قریب تھے تو 3 بار کے منتخب وزیراعظم نواز شریف کو گرفتار کیا گیا، نواز شریف تمام الزامات کا جواب دے رہے تھے انہیں بیٹی کے ہمراہ گرفتار کیا گیا اور جیل بھیج دیا گیا، چیئرمین پی ٹی آئی حکومت میں آئے تو اپنے تمام سیاسی حریفوں کو جیل میں ڈال دیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے اپنے اختیارات کا استعمال کیا، نیب اور ایف آئی اے کو استعمال کیا، جوڈیشل کمپلیکس پر حملہ کیا گیا، پھر ہم نے 9 مئی کے واقعات دیکھے، 9 مئی کو فوجی تنصیبات، اسپتالوں اور ایمبولینسوں پر حملے کیے گئے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ کیپٹل ہل پر حملے میں ملوث لوگوں کو سزا دی جاچکی ہے، قانون میں آپ کو اپنے عمل کا جوابدہ ہونا پڑتا ہے، ایسا شخص جو عدالت میں مجرم ثابت ہوچکا ہو اسے گرفتار ہونا ہی ہے، ٹرائل کورٹ میں ریفرنس بھیجا گیا، 40 پیشیوں کے ذریعے دفاع کا موقع بھی دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف پر الزام تھا تو انہوں نے اپنا دفاع کیا، نیب کی 150 پیشیاں بھگتیں، قانون کو چکمہ دینے، نیچا دکھانے اور اداروں پر حملہ آور ہونے سے آپ قانون سے بچ نہیں سکتے، زمان پارک میں پولیس کو پیٹرول بموں سے خوش آمدید کہا گیا، بچوں اور عورتوں کو انسانی ڈھال کے طور پر استعمال کیا گیا، چیئرمین پی ٹی آئی 9 مئی کے پورے واقعے کے ماسٹر مائنڈ تھے، 9 مئی واقعے پر چیئرمین پی ٹی آئی کہتے ہیں میرے کارکنوں کو اس کا جواب دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے اپنے گوشواروں سے متعلق فارم بی میں کسی بھی چیز کو ظاہر نہیں کیا، چیئرمین پی ٹی آئی نے پہلے تحائف فروخت کیے، پھر خریدے اور رقم جمع کرائی، چیئرمین پی ٹی آئی کے پاس رسیدیں بھی نہیں ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 43

پر منحصر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی حقیقی معنوں میں بروقت اور شفاف انتخابات پر یقین رکھتی ہے جو ملک اور اس کے استحکام کے لیے بہتر ہوں گے۔ نگراں سیٹ اپ کی تقرری میں پیش رفت سے متعلق سوال کے جواب میں انہوں نے وضاحت کی کہ آئین پر عمل کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی میں تقریباً تمام جماعتیں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قیادت کی سطح پر نہیں بلکہ کمیٹی کی سطح پر پانچ ناموں کو حتمی شکل دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے امیدوار کو آزاد ہونا چاہیے، امیدوار کسی پارٹی کا فعال رکن نہ ہو اور نہ ہی کسی پارٹی کا بڑا لیڈر ہو۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کو بھی سراہا اور امید ظاہر کی کہ اب یہ تمام تر ذمہ داری مسلم لیگ (ن) کی ہے کہ وہ نگران سیٹ اپ اور ریاست کے ہموار نظام کے لیے بروقت انتخابات کے لیے دانشمندانہ فیصلے کرے۔

بقیہ بقیہ جات 44

مل سکتی، جے یو آئی نے یہودی ایجنٹ اور اسکی ایجنڈا کو دفن کردیا ہے مستقبل ملک، اسلام اور انسانیت کی خدمت کرنے والوں کا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ کارکن ملک بھر میں عام انتخابات کے لئے بھرپور تیاریاں کریں، جے یو آئی کا پیغام گھر گھر جا کر پہنچائیں اور جے یو آئی کی رکنیت سازی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ ہے کہ عمران خان کی گرفتاری مقافات عمل ہے آئندہ انتخابات آئین کے تحت کرائے جائیں گے، کارکن عام انتخابات کی تیاری کریں۔ اس موقع پر بلوچستان اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر ایڈوکیٹ ملک سکندر خان، مرکزی مجلس شوری کے رکن مولانا عبداللہ جنگ، مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے رکن حاجی عبدالمالک بروہی، ڈسٹرکٹ کونسل کند کوٹ کشمور کے رکن الحاج سعید ربنواز چاچڑ، مفتی عبدالشکور کھوسہ، قاری کفایت اللہ کھوسہ، محمد کاکڑ، انجینئر حماداللہ انصاری، عبداللہ عباس، مجاہد میر حسن برڑو، عبیداللہ نوناری اور دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 45

معیشت تباہ کردی، ہمیشہ سنتا آیا ہوں حالات خراب ہیں، حالات بدلنا کس کا کام ہے؟ ہم اقتدار میں آئے تو سودی نظام ختم کریں گے، سراج الحق نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ صرف ایک کی گرفتاری کو قوم کافی نہیں سمجھتی، توشہ خانہ کیس میں سابق وزیراعظم کے پاس اپیل کا حق ہے، جماعت اسلامی بے لاگ احتساب چاہتی ہے، توشہ خانہ سے فائدہ اٹھانے والے تمام افراد کو سمن کیا جائے اور تفصیلات قوم کے سامنے رکھی جائیں۔ نائب امیر جماعت اسلامی ڈاکٹر فرید احمد پراچہ نے کہا کہ سیاسی انجینئرنگ کے ذریعے پہلے پی ٹی آئی اور بعد میں پی ڈی ایم اور پیپلز پارٹی کو مسلط کیا گیا اور مستقبل میں بھی ایسا ہی خطرہ برقرار ہے، ملک بچانے کا واحد راستہ یہ ہے کہ اسے اس نظریہ پر چلایا جائے جس کی خاطر کروڑوں اسلامیان برصغیر نے قربانیاں دیں، جماعت اسلامی کو اقتدار ملا تو سیاست دان، ججوں، جرنیلوں سمیت سب کا احتساب ہوگا

بقیہ بقیہ جات 46

جہاں تنظیم کو افعال کرنے پر زور دیا گیا وہاں ان نجی کمپنیوں کو ٹیلی کام اتھارٹی کے یک طرفہ فیصلوں پر بھی گہرے تحفظات کا اظہار کیا گیا اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو میں آل پاکستان نیٹ ورک ایسوسی ایشن کے صدر رانا شاہد ندیم جنرل سیکرٹری ذیشان صدیقی و گورننگ باڈی کے ایگزیکٹو ممبر شیخ عثمان نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ ملکی ترقی میں جہاں ملک میں کام کرنے والی سیل فونز وانٹرنیٹ کمپنیاں کردار ادا کر رہی ہے اسی طرح ہم بھی ملک کے بڑے شہروں و قصبوں میں صارفین کو معیاری وسستی انٹرنیٹ سروسز فراہم کررہے ہیں ہمارے اس سیٹ اپ سے ہزاروں خاندانوں کا روزگار وابسطہ ہے ہم پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی کے تمام قواعد وضوابط کے مطابق کام کررہے ہیں اس مقصد کے لئے ہم نے باقاعدہ پی ٹی اے سے لائسنس حاصل کئے بھاری ٹیکسز وفیس ادا کرکے اب ہمیں سننے بغیر یہ کہا جارہا ہے کہ آپکے لائسنس کی مدت پوری ہونے کے بعد انکی تجدید نہیں کی جائے گی حالانکہ ٹیلی کام اتھارٹی نے تحریری یقین دہانی ہمیں کروائی تھی کہ آپ اپنے اپنے حاصل لائسنس کو ری نیو کرواسکیں گے جبکہ اب ہمیں اتھارٹی کے مرتب نئے قوانین کے مطابق نئے لائسنس کے لئے اپلائی کرنے کا کہا جارہا ہے جو کہ زیادتی ہے ہمارے ساتھ پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی اپنی پالیسیوں و نئے قوانین مرتب کرنے سے پہلے مشاورت کے عمل میں ہمیں شامل کرئے ہماری پریشانیوں ومسائل کو بھی جان کرسمجھ کر پھر فیصلے کئے جائیں ہم لائسنس کی فیس ڈالروں میں ادا کرتے ہیں موجودہ ملک وعالمی صورتحال میں ڈالر کی بلند قیمتوں کے سبب اب ملک میں اس سیکٹر میں سرمایہ کاری کرنا مشکل دکھائی دے رہا ہے وزیراعظم و وفاقی وزیر ٹیلی کام اتھارٹی کے ساتھ ساتھ پی ٹی اے سے ہمارا مطالبہ ہے وہ ان سال انٹرنیٹ سروسز فراہم کرنے والے کمپنیوں کے مسائل کو سمجھنے کے لئے مشاورتی اجلاس طلب کریں ملک بھر سے آل پاکستان نیٹ ورک ایسوسی ایشن کے پہلے اجلاس میں شرکت کرنے والوں میں کمپنیوں کے سی ای اونے بھرپور شرکت پہلے اجلاس میں باہمی مشاورت سے تنظیم کے صدر سمیت دیگر عہدداروں کے ساتھ ساتھ گورننگ باڈی کا انتخاب کیا گیا جس کے مطابق صدر رانا شاہد ندیم جنرل سیکرٹری ذیشان صدیقی گورننگ باڈی کے ایگزیکٹو ممبر شیخ عثمان عمران مصطفیٰ سلمان ودیگر تنظیمی عہدیدار و ممبران شامل ہیں اجلاس میں اس بات کا بھی فیصلہ کیا گیا کہ جشن آزادی کے حوالے سے 14 اگست کو پاک فوج سے اظہار یکجہتی وجشن آزادی کے موقع پر خصوصی تقریب کا اہتمام کیا جائے گا تنظیم کے صوبائی دفاتر پر بھی پاکستان کا جھنڈے لگائیں جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 47

اثرات سے بچانے کی کوشش کی جاتی تھی جو کہ یہ ایک ناکافی سہولت تھی ان تمام چیزوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مسجد کی تیسری بلڈنگ بنانے کے لیے ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا اس افتتاحی تقریب میں مسجد کی کمیٹی سمیت کئی احباب نے شرکت کی جن میں تحصیل نگران دعوت اسلامی تیمور مدنی سرپرست اعلی حاجی حسن اختر، خطیب قاری محمود الحسن چوہان، امام حافظ یحیٰی، جنرل سیکرٹری عادل خان مدنی، جوائنٹ سیکرٹری مرزا تیمور وارثی، ممبر کمیٹی قاری شبیر، لیگل ایڈوائزر حاجی عمران مبین، نائب صدر ماسٹر ضمیر، خادم بابا جاوید، خادم منیر بھائی، فنانس سیکرٹری قاری علی حسن، صدر نثار احمد عطاری اور صحافیوں نے شرکت کی اور تعمیراتی کام کے جلد پورا ہونے کے لیے دعا کی گئی ساتھ ساتھ تمام ممبران نے ملک و بیرون ملک رہنے والے اہلیان گوجرخان سے تعاون کی اپیل کی کہ اس کار خیر میں اپنا حصہ ضرور شامل فرمائیں تا کہ اس کام کو جلد پایا تکمیل تک پہنچایا جاسکے تیسری بلڈنگ کی تعمیراتی کام کی دیکھ بھال کے لیے ٹھیکیدار اخلاق نے خصوصی طور پر تعاون کیا مسجد کی نئی تعمیرات میں درج ذیل پروجیکٹس شامل ہیں تیسری بلڈنگ کی تعمیر، مینار کی تعمیر، گنبد کی تعمیر، نیوطرز پر وضوخانہ، تزین وآرائش، مکمل فرنٹ کی تعمیر جس کا تخمینہ لاگت تقریباً ساڑھے 7 کروڑ روپے ہے یہ سب تمام مخیر حضرات حضرات کے تعاون سے ہی ممکن ہے اپنے عزیز واقرباء، والدین کے ایصال ثواب کے لیے ضرور حصہ ملائیں، صدر نثار عطاری 03005364908، مرکزی جامع مسجد فیضان مدینہ جی ٹی روڈ گوجرخان

بقیہ بقیہ جات 48

علاوہ لوڈ سپیکر پر اور اسلحہ کی نمائش واستعمال پر مکمل طور پر پابندی عائد رہے گی۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق دفعہ 144 کا اطلاق حساس اداروں پولیس افسران خواتین اور بچوں پر نہیں ہوگا۔ دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 49

آسمان تلے گزارے ۔۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 5.4 ریکارڈ کی گئی، زلزلے کی گہرائی 186 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز کوہ ہندوکش ریجن تھا۔ ہفتے کی رات بھی لاہور، پنڈی، پشاور سمیت کئی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے تھے، زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 5 اعشاریہ 8 ریکارڈ کی گئی تھی۔ زلزلے کا مرکز ہندوکش ریجن تھا اور اس کی گہرائی 196 کلومیٹر تھی۔ زلزلے سے کوئی جانی و مالی نقصان نہیں رپورٹ نہیں ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 50

اور صبح کا ناشتہ جیل مینول کے تحت دیا گیا، سابق وزیراعظم کو نماز فجر کے بعد ناشتے میں بریڈ سلائس، فرائی وابلا ہوا انڈا، مکھن اور چائے دی گئی۔ جیل ذرائع کا کہنا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے رات کا کچھ حصہ سوکر گزارا، وہ نماز تہجد کیلئے بھی اٹھے اور نماز فجر ادا کرکے جیل کا مہیا کردہ ناشتہ کیا، چیئرمین پی ٹی آئی کو جیل مینول کو مدنظر رکھتے ہوئے تولیہ، ٹشو پیپر، منرل واٹر، عینک، تسبیح، گھڑی، کرسی، زمین پر سونے کے لئے میٹرس مہیا کیا گیا۔ جیل ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ڈسٹرکٹ جیل اٹک کے اندر اور بیرونی اطراف میں سکیورٹی ہائی الرٹ ہے، چیئرمین پی ٹی آئی جس بیرک میں قید ہیں اس کے گرد محکمہ جیل خانہ جات کے کمانڈوز اور باہر جیل پولیس کے اہلکار تعینات ہیں، جیل کے بیرونی اطراف ضلعی پولیس اور رینجرز کی پٹرولنگ بھی جاری ہے۔ یاد رہے ڈسٹرکٹ جیل اٹک میں سابق وزیراعظم نواز شریف سمیت سابق وزرائے اعلی ودیگر سیاسی شخصیات بھی ماضی میں قید رہ چکی ہیں، تاہم سابق وزیراعظم نواز شریف کو قید کے دوران بیٹر کلاس میں رکھا گیا تھا جس میں ٹی وی، اخبار، لکھنے پڑھنے کیلئے کتب، سٹیشنری، ایئر کنڈیشن یا روم کولر، چھوٹا فریج و بستر اور مشقتیوں کی اجازت ہوتی ہے تاہم چیئرمین پی ٹی آئی کیلئے ان سہولیات کو ہوم ڈیپارٹمنٹ یا عدالت کی اجازت سے مشروط کردیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 51

آج کے بعد جو بھی ریڑھی اور سامان ضبط ہوگا اسکو نیلام کیا جائے گا تمام ریڑھی بان اس نقصان کے ذمہ دار خود ہوں گے اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان نے کہا کہ جی ٹی روڈ پر لگی ریڑھیوں کی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے اور حادثات رونما ہوتے ہیں متعدد بار انکو وارننگ دی گی مگر اس کے باوجود یہ باز نہیں آئے آئندہ سے ان کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا کسی کو بھی قانون کی رٹ کو چیلنج کرنے نہیں دیا جائے بازاروں اور روڈوں پر راستے تنگ کرنے والے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں تمام تجاوزات مافیا کے خلاف سختی سے نمٹا جائے گا کچی پکی تمام تجاوزات کو ختم کیا جائے گا اور بازاروں کے راستوں میں بھی تمام تجاوزات کو ختم کرنے کے لیے گرینڈ آپریشن کیا جائے گا شہریوں نے اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کے ان اقدامات کو سراہا اور خوش آئندہ قرار دیا اور انکے فیصلے کی حمایت کرتے ہوئے بازاروں سے تجاوزات ختم کرکے راستوں کو کھلا رکھنے کے لیے بلدیہ کے اہلکاروں کو مسلسل نگرانی کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ بقیہ جات 52

لیے جنریٹر لگایا گیا تھا جس سے کنویں میں گیس پیدا ہو گئی کنویں میں موجود دو مزدوروں کو نکالنے کے لیے یکے بعد دیگرے تین مزید افراد کنویں میں اترے جو واپس نہ ائے ایک شخص کو بے ہوشی کی حالت میں نکال کر ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان منتقل کیا گیا جسے ابتدائی طبی امداد کے بعد راولپنڈی ریفر کر دیا گیا ریسکیو کی امدادی ٹیم نے ڈیڈ باڈیز کو تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال منتقل کیا جہاں سے ضابطے کی کارروائی کے بعد ڈیڈ باڈیز ورثاء کے حوالے کر دی گئیں افسوسناک واقع میں جانبحق ہونے والوں کی شناخت محمد رمضان ولد محمد یونس عمر 40 سال سکنہ آڈرہ، محمد جمیل ولد محمد افسر عمر 20 سال، عبدالوہاب ولد عبدالعزیز عمر 25 سال سکنہ آڈرہ، محمد نصیر ولد محمد نذیر سکنہ گہک بدحال شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 53

تارڑ نے کہا کہ ہم نے جو قانون بھی رکھا ہے اس کا مکمل جائزہ لیا گیا ہے، اندھا دھند والے الزام سے بری کیا جائے، دنیا جہان میں یہ اختیار ایجنسیز کے پاس ہے لیکن ہم نے اس کو کاٹ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم کئی برسوں سے دہشتگردی کا شکار ہیں، جو جوان شہادتیں دے رہے ہیں ہمیں ان کی طرف بھی دیکھنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 54

پرائیویٹ [illegible] نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ [illegible] ضلع اٹک [illegible] نورالحسن کو ڈویژنل صدارت کے عہدے پر نامزد کردیا گیا۔ قاضی نورالحسن پنڈی گھیب میں ایک بڑے تعلیمی ادارے (اقراء ایجوکیشن سسٹم) کے ذریعے شعبہ تعلیم میں عرصہ دراز سے خدمات سرانجام دے رہے ہیں جبکہ اپسما کے پلیٹ فورم پر اس سے قبل تحصیل پنڈی گھیب اور ضلع اٹک کی صدارت کے عہدے پر فائز بھی رہ چکے ہیں۔ ضلع اٹک بالخصوص تحصیل پنڈی گھیب سے تعلق رکھنے والی نمایاں تعلیمی ادبی اور سماجی شخصیات نے قاضی نورالحسن کو اپسما کا ڈویژنل صدر نامزد ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اُمید ظاہر کی ہے کہ وہ پرائیویٹ اداروں میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے اور معاشرے کو بہترین نسل کی فراہمی میں اپنا مثبت کردار ادا کرینگے۔

بقیہ بقیہ جات 55

اسپتال منتقل کردی گئیں۔ واقعہ کے بعد تھانہ گوجرخان پولیس کی نفری موقع پر پہنچ گئی تھی جبکہ واقعہ کی تحقیقات شروع کردی گئی۔ دوسری جانب علاقہ مکینوں نے الزام لگایا ہے کہ ریسکیو 1122 کے تاخیر سے آنے کے سبب کنویں میں پھنسے افراد کو بروقت نہ نکالا جاسکا۔

بقیہ بقیہ جات 56

کا اظہار کرتا ہوں۔ انتخابات وقت پر ہونے چاہیے۔ اجلاس میں وزیرخزانہ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ ڈیجیٹل مردم شماری کا فیصلہ ماضی کی حکومت کرکے گئی، ڈیجیٹل مردم شماری میں غلطی کی گنجائش کم ہے، میں حقائق پر مبنی بات کرتا ہوں، ڈیجیٹل مردم شماری کا فیصلہ 8 ممبران کی موجودگی میں ہوا ہے۔ جبکہ وزیرخزانہ کا کہنا تھا کہ ساری تفصیلات تمام صوبوں کو بھجوادی ہیں، اوسط گروتھ آبادی کی 2.55 فیصد ہے، 2017 کی مردم شماری میں اوسط گروتھ 2.44 فیصد تھی، سب سیزیادہ گروتھ 3.2 فیصد بلوچستان کی ہے، ڈیجیٹل مردم شماری کے لیے 34 ارب روپے خرچ کئے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 57

میں کہا گیا ہے کہ جج فیضان حیدر کی جگہ ٹریننگ کے لیے جج ہمایوں دلاور کا نام شامل کیا جائے، جج ہمایوں دلاور پانچ اگست سے 13 اگست لندن میں ٹریننگ میں شامل ہوں گے، یوکے کی یونیورسٹی آف ہل میں یہ ٹریننگ سیشن ہونا ہے، ذرائع کے مطابق اسلام آباد سے ججز کی جوڈیشل کانفرنس شمولیت کا عمل دو ماہ سے جاری تھا، کچھ ججز کو ویزہ نا ملنے پر نام تبدیل کرکے دوسرے ججز کو شامل کیا گیا، پشاور میں بھی کچھ ججز کو ویزہ نا ملنے پر نام تبدیل کیے گئے۔ یاد رہے کہ ایڈیشنل سیشن جج ہمایوں دلاور نے گزشتہ روز چیئرمین پی ٹی آئی کو تین سال قید کی سزا سنائی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 58

کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کو تین سال قید کی سزا سنائی اور ایک لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا، عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ اگر عمران خان ایک لاکھ روپے جرمانہ نہیں دیں گے تو 6 ماہ مزید قید ہوگی۔ اب ریحام نے اٹک جیل سے متعلق ایک ٹوئٹ کی ہے، جس میں انہوں نے اس جیل کی مختصر تاریخ بتائی، انہوں نے لکھا 'اٹک جیل کو برطانوی حکمرانوں نے بغاوت میں ملوث لوگوں کو قید کرنے کے لیے بطور جیل استعمال کیا تھا۔ اس کے علاوہ ریحام نے گزشتہ روز ایک طنزیہ ٹوئٹ کی، انہوں نے ایک علاقے کی پرامن ویڈیو شیئر کی اور لکھا 'ملک کے کسی بھی حصے سے ابھی تک احتجاج کی کوئی شہادت موصول نہیں ہوئی۔ بعدازاں انہوں نے ایک ڈیجیٹل میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے عمران خان کی گرفتاری سے متعلق بات کی اور کہا کہ 'یہ قدرتی عمل ہے، جو عمران خان کے ساتھ ہوا وہ مکافات عمل ہے، یہ وہ ہی لوگ ہیں جو میاں نواز شریف کی نااہلی پر تالیاں بجارہے تھے، ملک دشمنی کے نعرے لگارہے تھے۔ ریحام خان نے انٹرویو میں کہا کہ تحریک عدم اعتماد کے بعد جو عمران خان نے کیا، میں نے ٹوئٹ کے ذریعے قمر جاوید باجوہ کو پیغام دیا تھا کہ ہم پہ جو بیتی ہے وہ تو ہم نے سہی ہے، آپ پہ جو گزرے گی وہ دنیا دیکھے گی۔ انہوں نے کہا 'میں نے متعدد انٹرویوز میں بتایا تھا کہ تحریک عدم اعتماد کے بعد یہ شخص جو کرے گا وہ پوری دنیا دیکھے گی، بہت سے لوگوں کو تعجب ہوگا کہ میں اس کیس کو فالو نہیں کررہی تھی، میں نے خبر دیکھی تو پتہ چلا کہ عمران خان پر ایک لاکھ جرمانہ ہوا ہے، جسے سن کر مجھے کافی حیرانی ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 59

اوپن ہاؤس اور جاب فیئر 2023 کے انعقاد کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ریکٹر نیوٹیک لیفٹیننٹ جنرل)ر (معظم اعجاز، نیشنل وانٹرنیشنل کمپنیوں کے چیف ایگزیکٹو اور دیگر اداروں کے سربراہان بھی موجود تھے۔ احسن اقبال نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب کو پاکستان کی ترقی کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا۔ آزادی کے 75 سال مکمل ہوچکے ہیں۔ اب ہمارے پاس غلطی کی گنجائش نہیں ہے۔ انشا اللہ بہت جلد پاکستان کا شمار 10 عالمی طاقتوں میں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک میں چین نے 46 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا جس سے عالمی تناظر میں پاکستان کی معاشی حالت کا پس منظر تبدیل ہوگیا۔ چین نے 2018 تک 25 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی۔ ہم نے سی پیک کو دوبارہ شروع کردیا ہے۔ گوادر میں بھی بند منصوبوں کا دوبارہ آغاز ہو چکا ہے۔ ان اقدامات سے بیروزگاروں کو روزگار ملے گا۔ ریکٹر نیوٹیک لیفٹیننٹ جنرل)ر(معظم اعجاز نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو ہنر مند بنانا نیوٹیک کی اولین ترجیح ہے۔ ملکی معیشت کو پروان چڑھانے کے لیے ہنر مند افرادی قوت کی فراہمی ناگزیر ہے۔ بہت ہی کم عرصہ میں نیوٹیک نے اپنی کامیابیوں کے تسلسل کے باعث نہ صرف ملکی بلکہ عالمی سطح پر اپنا نام اجاگر کردیا ہے اور ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ میں نیوٹیک کا شمار پہلی سو یونیورسٹیوں میں ہونے لگا ہے۔ جلد ہی ہم اپنا نیا کیمپس چکری کے مقام پر شروع کررہے ہیں۔ مکمل ہونے کے بعد سالانہ 20 ہزار نوجوانوں کو ہنر مند بنائیں گے۔ انڈسٹری کی ضروریات کے مطابق کورسز شروع کئے ہیں تا کہ فارغ التحصیل نوجوانوں کو روزگار کی یقینی فراہمی ممکن ہو۔ اس اقدام سے بے روزگار نوجوان نہ صرف اپنے خاندان کی مالی کفالت بلکہ ملکی معیشت کی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کرسکیں گے۔

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف
5000/-
روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے
ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائیں گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website
Price:6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035

چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ علی سرفراز حسین صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ملک میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد13 کروڑ تک پہنچ گئی

27 مئی 2022ء تک 12 کروڑ 22 لاکھ ووٹرز تھے، 8 مئی 2023ء تک 35 لاکھ سے زائد کا اضافہ ہوا

مرد ووٹرز کی تعداد 6 کروڑ 79 لاکھ سے زائد، خواتین ووٹرز کی تعداد 5 کروڑ 77 لاکھ 81 ہزار 119 ہوگئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ اجلاس میں گیس چوری پر قابو، ٹریڈ مارکس سمیت متعدد ترمیمی بلز منظور کرلیے گئے۔ چیئرمین صادق سنجرانی کی زیر صدارت جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس ہوا، جس میں متعدد بلز منظور کرلیے گئے جب کہ سینیٹر عرفان صدیقی نے ہائیر ایجوکیشن ترمیمی بل پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے سے معذرت کرلی۔ اجلاس میں گیس چوری پر قابو اور ریکوری بل کی منظوری کے موقع پر اپوزیشن کے سینیٹرز نے چیئرمین ڈائس کا گھیراؤ کرلیا۔ بعدازاں گیس چوری پر قابو اور ریکوری ترمیمی بل 2023 سینیٹ سے منظور ہوگیا۔ سینیٹ اجلاس میں منظور ہونے والے دیگر بلز میں فیڈرل اردو یونیورسٹی آف(بقیہ نمبر 1)

باجوڑحملہ پرامن سیاسی قوت کیخلاف گہری سازش ہے' جے یو آئی لاہور

ایسے واقعات سے سیاسی کارکنوں کو جمہوری وسیاسی عمل سے دور نہیں کیا جاسکتا

لاہور (سٹاف رپورٹر) جمعیت علما اسلام سٹی لاہور کے امیر محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ نے کہاہے کہ باجوڑ حملہ پرامن سیاسی قوت کیخلاف گہری سازش ہے، دھماکہ انتہائی بزدلانہ عمل ہے ایسے واقعات سے سیاسی کارکنوں کو جمہوری و سیاسی عمل سے دور نہیں کیا جاسکتا، حملوں سے جے یو آئی کو کمزور نہیں کیا جاسکتا، جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ امن اور بھائی چارے کا درس دیا۔ ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات جمعیت علما اسلام سٹی لاہور قاری منظور الحسن چترالی کی طرف سے جاری کردہ بیان کے مطابق انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کے ہم سفر ساتھیوں کی المناک شہادت پر پوری جماعت اور قوم دلی کو صدمہ پہنچا ہے۔ جے یو آئی ضلع باجوڑ کا ورکرز کنونشن انسانی خون سے لہولہو کیا گیا ہم اس درندگی کی مذمت کرتے ہیں، باجوڑ میں جمعیت علما اسلام کے کارکنوں کی شہادت اور معصوم جانوں کا ضیاع قومی (بقیہ نمبر 2)

نگراں پنجاب حکومت کوکام سے روکنے کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

90روزگزرنے کے بعد نگراں حکومت کے تمام احکامات واقدامات غیرآئینی ہیں' درخواست گزار

لاہور (کورٹ رپورٹر) نگراں پنجاب حکومت کو کام سے روکنے کے لئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی۔ سینئر قانون دان آفتاب باجوہ کی جانب سے دائر درخواست میں نگراں وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی اور الیکشن کمیشن سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ مدعی نے درخواست میں موقف اختیار کیا کہ پنجاب میں نگراں حکومت کی آئینی میعاد ختم ہوچکی ہے، سپریم کورٹ نے الیکشن کی تاریخ میں توسیع کی لیکن نگراں حکومت پنجاب کو توسیع نہ دی۔ درخواست میں کہا گیا کہ نگراں وزیراعلی پنجاب غیرآئینی طور پر عہدہ سنبھالے ہوئے ہیں، نگراں وزیر اعلی اور کابینہ کا عہدے پر برقرار رہنا آئین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ درخواست گزار نے عدالت سے استدعا کرتے ہوئے کہا کہ 90 روز گزرنے کے بعد نگراں حکومت کے تمام احکامات واقدامات غیر آئینی ہیں، عدالت نگراں وزیر اعلی کو فوری عہدے سے (بقیہ نمبر 3)

حکومت کورواں مالی سال کے ٹیکس اہداف پرنظرثانی کرنا پڑیگی: عامر قدیر

بجلی کی قیمت میں اضافے سے سمال اینڈ میڈیم انڈسٹری تباہ ہوجائیگی: ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

لاہور (کامرس رپورٹر) ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عامر قدیر نے کہا ہے حکومت آئی ایم ایف کو قائل کرنے کیلئے درست پریزنٹیشن نہیں دے سکی جس کی وجہ سے بجلی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے ،بنیادی ٹیرف میں ساڑھے سات روپے فی یونٹ اضافہ جہاں عام آدمی کی زندگی اجیرن بنادے گا وہاں سمال اینڈ میڈیم انڈسٹری تباہ ہو جائے گی۔ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ابھی گیس کی قیمتوں میں مزید اضافے کی نوید کی بھی اطلاع دیدی گئی ہے، سابق حکومت کو آئی ایم ایف سے سخت معاہدے کا طعنے دینے والے آج خود کہاں کھڑے ہیں ،کیا تمام قرضوں اور شرائط کا خمیازہ پسے ہوئے طبقات نے بھگتنا ہے، حکومت کی کارکردگی اور گڈ گورننس کے دعوے کہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں نئے ٹیکسز اور ودہولڈنگ ٹیکسز میں اضافہ کرکے نان فائلر کے لیے مزید مشکلات کھڑی کی (بقیہ نمبر 4)

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اسکینڈل جوڈیشل کمیشن بنانے کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

لاہور (کورٹ رپورٹر) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں وڈیوز اور منشیات کی انکوائری کے لئے جوڈیشل کمیشن بنانے کے لیے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی۔ لاہور ہائیکورٹ میں مشکور حسین نے ندیم سرور ایڈووکیٹ کے توسط سے درخواست دائر کی۔ ایف آئی اے، آئی جی اور نگراں وزیراعلی سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور تعلیمی درسگاہ ہے، جہاں فحش ویڈیوز کا افسوسناک اسکینڈل سامنے آیا۔(بقیہ نمبر 8)

گنے کی سب سے زیادہ پیداوار مالی سال22۔2021 میں حاصل ہوئی

مکوآنہ (کامرس ڈیسک) فیصل آباد سمیت ملک بھر میں گنے کی سب سے زیادہ پیداوار مالی سال22۔ 2021 کے درمیان حاصل ہوئی۔ مالی سال2018 تا2022 کے عرصہ میں گنے کی سب سے کم پیداوار مالی سال20۔2019 میں ریکارڈ کی گئی۔ اقتصادی جائزہ رپورٹ 22۔ 2021 کے مطابق مالی سال18۔2017 کے دوران گنے کی قومی پیداوار 8 کروڑ 33لاکھ 33ہزارٹن (بقیہ نمبر 9)

رائے ونڈ، مشن کالونی روڈ20 سال سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار، شہریوں کا گزرنا محال

رائے ونڈ(این این آئی)مشن کالونی روڈ 20سال سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار، شہریوں کا گزرنا محال ،حادثات کی شرح میں اضافہ ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق شہر کی گنجان آبادی مشن کالونی، مسلم کالونی ،بابلیانہ اوتاڑ، بھمبہ کلاں کو آپس میں ملانے والی واحد سڑک عرصہ 20سال سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے سے مریضوں، ضعیف العمر افراد کا گزرنا محال ہو چکا ہے ،بارشوں کے ایام میں سڑک پر(بقیہ نمبر 10)

Multi-Stakeholder Dialogue and Awareness Session

نگران صوبائی وزیر محکمہ صحت وسوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ڈاکٹر جاوید اکرم کا مقامی ہوٹل میں پروگرام کے بعد ڈی جی مدثر ریاض ملک ودیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

عراق کوہلادینے والی ویڈیو، دوخواتین کاٹریفک افسر پر جوتوں سے تشدد

دوخواتین میں سے ایک کاتعلق دول القانون اتحاد کے ایک رکن پارلیمان سے تھا، رپورٹ

بغداد(مانیٹرنگ ڈیسک) تین دن سے بڑے پیمانے پر گردش کرنے والی ایک ویڈیو نے عراق کو ہلا کر رکھ دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس ویڈیو کلپ میں دیکھا جاسکتا ہے کہ دارالحکومت بغداد میں جنرل ٹریفک ڈائریکٹوریٹ کے ایک افسر کی دوخواتین نے جوتوں سے مرمت کرڈالی۔ ویڈیو میں دوخواتین کو بغداد کے الحارثیہ ضلع میں میجر کے عہدے کے ایک ٹریفک افسر پر حملہ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ ان خواتین نے ٹریفک ضوابط کی خلاف ورزی کی تھی۔ عراقی سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ وزیر داخلہ کی دلچسپی اور واقعہ کے حالات دیکھنے کی ان دونوں خواتین کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ اس واقعہ نے عراق میں بڑے پیمانے پر ردعمل کو جنم دیا۔ لوگوں میں بڑے ردعمل کی وجہ یہ الزامات تھے کہ ان دوخواتین میں سے ایک کا تعلق دول القانون اتحاد کے ایک رکن پارلیمان سے تھا۔ اس اتحاد کی قیادت سابق وزیر اعظم نوری المالکی (بقیہ نمبر 5)

امارات میں مالیاتی جرائم سے نمٹنے کیلئے خصوصی اداروں کے قیام کی منظوری

مقصد مالی جرائم سے موثر طریقے سے نمٹنے کیلئے خصوصی عدالتی اداروں کومتعارف کرانا ہے

ابوظبی(مانیٹرنگ ڈیسک)متحدہ عرب امارات کی وفاقی عدالتی کونسل نے امارات کے اٹارنی جنرل کی اقتصادی جرائم اور منی لانڈرنگ میں مہارت رکھنے والے وفاقی پراسیکیوشن اداروں کے قیام کی تجویز کو اپنی منظوری دے دی۔ امارات کی سرکاری نیوز ایجنسی نے بتایا کہ یہ اعلان ایک اہم اقدام ہے جس کا مقصد متحدہ عرب امارات کے عدالتی نظام کو بہتر کرنا اور اس کے مالی استحکام کو تقویت دینا ہے۔ اس اہم قدم کا مقصد ملک کے قانونی فریم ورک کو عالمی اقتصادی تبدیلیوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنا اور مالی جرائم سے موثر طریقے سے نمٹنے کے لیے خصوصی عدالتی اداروں کو متعارف کرانا ہے۔ معاشی جرائم کو نشانہ بنانے والے ان پراسیکیوشن دفاتر کی تشکیل ان تبدیلی کے منصوبوں کا حصہ ہے، جنہیں گورنمنٹ ایکسلریٹر کہا جاتا ہے۔ یہ پروجیکٹ وزارت انصاف میں (بقیہ نمبر 6)

ترکیہ میں انتہائی قریب سے دہرے قتل کی لرزہ خیز واردات

واقعہ استنبول میں ایک دکان پر پیش آیا، پولیس نے ملزمان کی تلاش شروع کردی، ایک گرفتار

استنبول (فارن ڈیسک) ترکیہ کے شہر استنبول میں دوہرے قتل کی ایک لرزہ خیز واردات کی ویڈیو سامنے آئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ استنبول کے اسنیورٹ ضلع میں پیش آیا جہاں پوائنٹ بلینک فاصلے سے گولیاں مار کر دو افراد کو قتل اور تیسرے کو زخمی کر دیا گیا۔ سی سی ٹی وی کیمروں میں ریکارڈ کی گئی ویڈیو میں دکھایا گیا ہے کہ چار افراد ایک دکان پر دھاوا بول رہے ہیں اور تینوں افراد کو گولی مار رہے ہیں۔ اس ہولناک واقعے کے نتیجے میں 24 اور 20 سال کی عمر کے دو نوجوان جاں بحق اور 21 سالہ نوجوان زخمی ہوگیا۔ جس کے بعد پولیس فورسز نے سیاہ رنگ کی کار میں سفر کرنے والے چار افراد کی تلاش شروع کی ہے۔ پولیس نے واقعے میں ملوث افراد میں سے ایک کو گرفتار کرلیا۔ ٹوئٹر کے صارفین نے اس ویڈیو کو بربریت، دھمکی، ڈاکہ زنی اور ترکیہ محفوظ نہیں ہے الفاظ کے ساتھ شیئر کیا۔ استنبول شہر (بقیہ نمبر 7)

فصلوں اورپھلوں پرکیڑے مارادویات کا غیرذمہ دارانہ ستعمال انسانی صحت کومتاثر کرتا ہے، پروفیسر ڈاکٹر جلال عارف

مکوآنہ (کامرس ڈیسک) زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ حشریات کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر جلال عارف نے کہا ہے کہ فصلوں اور پھلوں پر کیڑے مار ادویات کا غیرذمہ دارانہ ستعمال انسانی صحت کو متاثر کرنے کا سبب بنتا ہے۔ اس امر کا اظہار انہوں نے زرعی انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے ماہرین کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفد میں کراپ لائف ایسوسی ایشن پاکستان کے سربراہ رشید احمد، سنجینٹا ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ توصیف الحق اور فیصل شامل تھے۔ ڈاکٹر جلال عارف نے کہا کہ ہمیں کیمیائی کیڑے ماردوا کو بتدریج ختم کرتے ہوئے بائیو پیسٹیسائیڈ کے متبادل کو اپنانے کیلئے سوچ و بچار کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہماری (بقیہ نمبر 11)

ہم جلدازجلد انتخابات کا انعقاد چاہتے ہیں مگر اس کیلئے شرط یہ ہے کہ یہ مشرقی یروشلم میں بھی ہوں: محمود عباس

مقبوضہ بیت المقدس (فارن ڈیسک) فلسطینی صدر محمود عباس نے مصر میں ہونے والے قومی مفاہمتی کانفرنس میں اس بات پر زور دیا کہ غزہ میں 2007 کی بغاوت نے فلسطینیوں کو ایک نئی تباہی میں ڈال دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ان کا اشارہ سنہ 2007 میں حماس اور تحریک فتح کے درمیان سیاسی محاذ آرائی کی طرف تھا جس کے بعد حماس نے غزہ سے تحریک فتح کو نکال باہر کرتے ہوئے اپنی حکومت قائم کرلی تھی جب کہ غرب اردن میں تحریک فتح نے حماس کو حکومت سے بے دخل کردیا تھا۔ اس کے بعد اب تک دونوں فریقوں کے درمیان مفاہمت کی کئی کوششیں ہوچکی ہیں مگر ابھی تک وہ غیر مؤثر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تقسیم ختم ہونی چاہیے اور پی ایل او عوام کی واحد نمائندہ ہے۔

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان سرکاری ہسپتالوں کی بہتری کیلئے کئے جانیوالے اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیاسی جماعتیں کسی صورت صبر وتحمل کا دامن نہ چھوڑیں' متحدہ علماء کونسل

احتجاج سیاسی جماعتوں کاحق ہے احتجاج کی آڑمیں سرکاری املاک کونقصان پہنچانا کسی لحاظ سے عقلمندی نہیں

لاہور(سٹاف رپورٹر) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے چیئرمین مولانا عبد الرؤف ملک، مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا محمد راغب حسین نعیمی ،مولانا عبدالغفار روپڑی، مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سیاسی جماعتیں صبر وتحمل کا دامن کسی صورت نہ چھوڑیں، ایک سیاسی لیڈر کی گرفتار پر جو پہلے واقعہ رونما ہوا ہے اس طرز کے مزید واقعہ کی دوبارہ گنجائش نہیں ہے، احتجاج سیاسی جماعتوں کا حق ہے احتجاج کی آڑ میں (بقیہ نمبر12)

ملک میں 9 مئی جیسے واقعہ کی اب دوبارہ گنجائش نہیں' سنی علماکونسل

سیاستدان کی گرفتاری پراحتجاج کی آڑمیں ریاستی رٹ کوچیلنج کرنیوالوں سے قانونی طریقے سے نمٹاجائے

لاہور(سٹاف رپورٹر) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہاہے کہ ملک میں 9 مئی جیسے واقعہ کی اب دوبارہ گنجائش نہیں ہے، یہ ملک ہمارا ہے اور اس ملک کی حفاظت ریاستی اداوں کے ساتھ ساتھ ہر پاکستانی کی بھی ہے، سیاستدان کی گرفتاری پر احتجاج کی آڑ میں ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے والوں سے قانونی طریقے سے نمٹا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک دوسرے کو چور چور کہنے والے جب عدالتوں سے خودسزا پاتے ہیں تو ان کے حامی احتجاج کی آڑ میں جو دنگا فساد کرتے ہیں وہ کسی بھی لحاظ سے درست نہیں ہے سیاسی لیڈروں سے ہمدردی کیلئے کارکنوں کا سرکاری(بقیہ نمبر 13)

پنجاب میں ماہ اگست میں بھی بارشوں کی پیشگوئی

مختلف شہروں میں ہلکی اور تیز بارشوں کا امکان ہے، پی ڈی ایم اے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے اگست کے پہلے ہفتے سے پنجاب کے مختلف شہروں میں کہیں ہلکی اور کہیں تیز بارشوں کی پیشگوئی کردی۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق اگست میں لاہور، راولپنڈی، مری، ساہیوال اور سیالکوٹ سمیت مختلف بالائی شہروں میں بارشوں کا امکان ہے۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ حالیہ بارشوں سے منگلا ڈیم 84 فیصد اور تربیلا ڈیم 85 فیصد تک بھر چکا ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کا کہنا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں میں راولپنڈی، ملتان، ڈی جی خان اور بہاولپور، گوجرانوالہ، سرگودھا، فیصل آباد اور سیالکوٹ میں بھی بارش ہوسکتی (بقیہ نمبر14)

نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں ایک بزرگ مریض کی عیادت کررہے ہیں

چیئرمین پی ٹی آئی سے جو کچھ ہوا وہ مکافات عمل ہے، سلیم رضا

توشہ خانہ کیس میں فیصلہ حق اور سچ کی فتح ہے ایک نام نہاد صادق وامین کی اصلیت سامنے آگئی

لاہور(سٹاف رپورٹر)مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضانے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی سے جو کچھ ہوا وہ مکافات عمل ہے، اپنے دور اقتدار میں ساری جماعتوں کے لیڈروں کو چور کہنے والا آج سرٹیفائی چور ثابت ہو گیا، توشہ خانہ کیس میں فیصلہ حق اور سچ کی فتح ہے ایک نام نہاد صادق وامین کی اصلیت سامنے آگئی۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ سیاسی لیڈروں کو چور کہنے والا ایک دفعہ ضرور اپنے انجام کو پہنچ چکا ہے چیئرمین پی ٹی آئی کیخلاف فیصلہ دینے والے جج کو سلام پیش کرتے ہیں۔(بقیہ نمبر15)

ورکرز کنونشن میں دھماکہ انتہائی بزدلانہ عمل ہے' قاری اعظم حسین

قانون نافذ کرنیوالے اداروں کودہشتگردوں کیخلاف نتیجہ خیز آپریشن کرنیکی ضرورت ہے

لاہور(سٹی رپورٹر) جمعیت علما اسلام (س) کے مرکزی سالار وامیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین نے کہاہے کہ ورکرز کنونشن میں دھماکہ انتہائی بزدلانہ عمل ہے، قانون نافذ کرنیوالے اداروں کو دہشت گردوں کے خلاف نتیجہ خیز آپریشن کرنے کی ضرورت ہے، دلخراش واقعے میں شہید ہونیوالے افراد کے لواحقین سے تعزیت اور زخمیوں کی صحتیابی کیلئے دعاگو ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی ناظم اعلی مولانا ایوب خان ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثانی نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی قاری واحد بخش قاری رحمت اللہ لاشاری انجینئر (بقیہ نمبر 16)

انڈونیشیا، سونے کی تلاش میں کان کھودنے پر پانی نکل آیا، 8افراد جاں بحق

امدادی سرگرمیاں جاری، کان سے پانی نکالنے کیلئے دن رات کام کررہے ہیں، امدادی اہلکار

جکارتہ(مانیٹرنگ ڈیسک)ایک مشکل ریسکیو آپریشن کے پانچویں دن ریسکیو سروسز کے ایک اہلکار نے اعلان کیا ہے کہ انڈونیشی حکام کو خدشہ ہے کہ انڈونیشیا کے جزیرے جاوا پر سونے کی ایک غیر قانونی کان میں پھنسے 8افراد ہلاک ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کہانی اس وقت شروع ہوتی ہے جب کان کن وسطی جاوا کے گاؤں پنکو رنڈانگ میں 60 میٹر گہرا کنواں کھودرہے تھے کہ کان میں اچانک سیلاب آ گیا۔ امدادی کارکنوں نے چوبیں گھنٹے پانی کے پمپ لگائے اور کان کو خالی کرنے کے لیے بے سود کام کیا، لیکن یہ کان پانی سے بھری رہی۔ سرچ اینڈ ریسکیو ٹیم میں شامل مقامی اہلکار سدرسا نے صحافیوں کو بتایا کہ پانچ دن گزر چکے، بدترین خبر کا سامنا ہے۔ متاثرین کی موت کی ہی توقع کی جا رہی ہے۔(بقیہ نمبر 17)

لبنان میں فلسطینی دھڑوں کے درمیان جھڑپیں، 6افراد ہلاک

گھات لگاکر کیے گئے حملے میں فتح کا ایک کمانڈر ہلاک، متعدد زخمی ہوگئے، عینی شاہدین

بیروت (مانیٹرنگ ڈیسک)لبنان میں فلسطینی پناہ گزین کیمپ میں دوروز سے جاری جھڑپوں میں 6افراد ہلاک ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عین الحلوہ کیمپ میں فلسطینی صدر محمود عباس کے دھڑے فتح کے کارکنوں کی شدت پسندوں کی حمایت کرنے والے حریف گروہوں کے خلاف جھڑپیں ہوئی ہیں۔ لبنان کے جنوب میں واقع ساحلی شہر صیدا کے قریب واقع عین الحلوہ کیمپ میں گھات لگا کر کیے گئے حملے میں فتح کا ایک کمانڈر ہلاک ہوگیا اور اس میں اس کے متعدد ساتھی زخمی ہوگئے۔ ایک سکیورٹی ذریعے نے بتایا کہ ان میں سے چار افراد بعد میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل (بقیہ نمبر18)

نگران صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ، لائیو سٹاک ومعدنیات پنجاب ابراہیم مراد میٹروبس سروس راولپنڈی میں سفر کررہے ہیں

پاکستان میں پیاز کی پیداوار کے تناسب سے سندھ کا پہلا نمبر

بلوچستان دوسرے، پنجاب تیسرے، خیبر پختونخوا چوتھے نمبر پر آ گیا

مکوآنہ (کامرس ڈیسک) پاکستان میں پیاز کی پیداوار کے تناسب سے سندھ پہلے، بلوچستان دوسرے، پنجاب تیسرے، خیبر پختونخوا چوتھے نمبر پر آگیا۔ جامعہ زرعیہ فیصل آباد کے ماہرین زراعت نے بتایا کہ سندھ میں پیاز کی مجموعی پیداوار 39 فیصد، بلوچستان میں 35 فیصد، پنجاب میں 18 فیصد، خیبر پختونخواہ میں 8فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پیاز کی پیداوار کے لحاظ سے ہمارا ملک نہ صرف خودکفیل ہوگیا ہے بلکہ پیاز کو دوسرے ممالک کو برآمد کرکے قیمتی زرمبادلہ بھی کمایا جارہا(بقیہ نمبر 19)

زرعی سائنسدانوں نے چنے کی سات نئی اقسام متعارف کروادیں

چنااور مسوراہم پھلی دار غذائی فصلیں ہونیکی وجہ سے دالوں میں اہم مقام کی حامل ہیں

مکوآنہ (کامرس ڈیسک) زرعی سائنسدانوں نے چنے کی نئی اقسام تھل چنا سپر، انوار 2023، افضال 2023، بٹل 2021، بہاولپور چنا 2021، نیاب سی ایچ 104، روہی چنا2021 متعارف کروادی ہیں اور کاشتکاروں پر زور دیا ہے کہ وہ چنے ومسور کی نئی اقسام کی کاشت کے فروغ اور جدید پیداواری ٹیکنالوجی پر عملدرآمد کرکے دالوں کی فی ایکڑ پیداوار اور اپنی آمدن میں اضافہ کیساتھ دالوں کی برآمد کی مد میں خرچ ہونیوالے قیمتی زرمبادلہ بچانے میں حکومت کی مدد(بقیہ نمبر 21)

ایڈیٹرانچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشرعلی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

Child Labour in Domestic Servitude
End Child Trafficking and

چیئر پرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد چائلڈ ڈومیسٹک لیبر کو غیر قانونی قرار دینے کے حوالے سے مشاورتی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

سینیٹ اجلاس گیس چوری پرقابو، ٹریڈ مارکس سمیت کئی ترمیمی بلز منظور

فیڈرل اردو یونیورسٹی، انضباط درآمدات وبرآمدات، نشانات تجارت ترمیمی بل2023 بھی منظور کرلیے گئے

حج عمرہ ریگولیشن، رویت ہلال اورامیگریشن بل کی بھی منظوری، اپوزیشن کا احتجاج، چیئرمین ڈائس کا گھیراؤ کرلیا

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد تقریبا 13 کروڑ ہوگئی ہے۔ الیکشن کمیشن پاکستان کے سہ ماہی نیوز بلیٹن کے مطابق 8 مئی 2023 تک رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 12 کروڑ 57لاکھ 20ہزار 958 ہوچکی تھی جبکہ ووٹرز لسٹوں میں اندراج اور اضافے کا کام جولائی تک جاری رہا ہے۔ اس طرح 27نومبر 2022 تک رجسٹرڈ ووٹرز 12 کروڑ 22لاکھ 10ہزار 391 تھے اس عرصے میں 35لاکھ سے زاید ووٹرز کا اضافہ ہوا ہے۔ مجموعی ووٹروں میں خواتین ووٹرز کی تعداد میں بھی بھاری اضافہ ہوا ہے جو 5 کروڑ 57لاکھ سے بڑھ کر 5 کروڑ 77لاکھ 81ہزار119 (بقیہ نمبر17)

پی ٹی آئی سربراہ سیاست میں گالم گلوچ کے بانی ہیں' حاجی امداد

لاہور(سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے سابق صدر ورکن پنجاب اسمبلی حاجی امداد حسین نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے چوری کی جس پر عدالتی حکم پر ان کی آئین وقانون کے مطابق گرفتاری ہوئی ، پی ٹی آئی سربراہ نے سیاست میں نفرت اور گالم گلوچ کا کلچر متعارف کروایا، ان کے کہنے پر جج کے خلاف سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا کیا گیا، پی ٹی آئی سربراہ کی صادق وامین کی حقیقت کھل کر عوام کے سامنے آچکی ہے، اب انہیں قوم کے لوٹے ہوئے ایک ایک پیسے کا حساب دینا پڑے گا۔

اطالوی وزیراعظم اپنے قومی پرچم سے متعلق لاعلم، سوال پر سبکی کا سامنا

روم(فارن ڈیسک)اطالوی وزیر اعظم جارجیا میلونی کو توقع نہیں تھی کہ وہ نیا عہدے سنبھالنے کے بعد پہلے سرکاری دورے کے دوران امریکا میں ایک ایسی شرمناک صورتحال سے دوچار ہوں گی جو سوشل میڈیا پر ان کے چرچے کا باعث بن جائے گی۔ امریکی سینیٹ کے اکثریتی رہنما چک شومر نے انہیں اس وقت مزید مشکل میں ڈال دیا جب انہوں نے مسز جارجیا سے ان کے ملک کے پرچم کے رنگوں کے معنی کے بارے میں پوچھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اٹلی کی تجربہ کار سیاست دان کے لیے یہ سوال (بقیہ نمبر23)

فیصل آبادمیں خواتین کے اغواء وزیادتی کے واقعات میں ریکارڈ اضافہ

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں خواتین کے اغواء وزیادتی کے واقعات میں ریکارڈ اضافہ، مخالفین سے سازباز ہوکر شہریوں کو جھوٹے مقدمات میں بھی ملوث کرنے کے انکشاف، بے گناہ شہریوں کے خلاف زیادتی کا مقدمہ درج کرنے کے بعد انہیں مٹھی گرم ہونے کے بعد ڈسچارج کروا کر رہائی کا پروانہ دے دیا جاتا ہے بعدازاں متعلقہ مقدمہ کے تفتیشی افسران مقدمہ میں عدم پتہ کی رپورٹ بنا کر (بقیہ نمبر 24)

واشنگٹن:80 میل کی رفتار سے ہوائیں، تیز بارش، درخت جڑ سے اکھڑ گئے

بجلی کی تاریں ٹوٹ گئیں، ہزاروں افراد بجلی سے محروم، ٹریفک کانظام بھی درہم برہم

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی دارالحکومت واشنگٹن ڈی سی میں 80 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے طوفانی ہوائیں چلیں اور تیز بارش ہوئی۔ میڈیا رپورٹس واشنگٹن میں طوفانی ہواں اور بارش سے کئی درخت جڑوں سے اکھڑ گئے، بجلی کی تاریں ٹوٹ گئیں جس سے ہزاروں افراد بجلی سے محروم ہوگئے جب کہ شہر میں ٹریفک کا نظام بھی درہم برہم ہوگیا۔ ادھر میکسیکو میں بھی طوفانی ہواں کے ساتھ بارش اور ژالہ باری ہوئی جب کہ کینیڈا کے صوبے اونٹاریو میں ٹینس بال کے برابر اولے پڑے، درخت جڑوں سے اکھڑ گئے اور سائن بورڈ گر گئے۔ روس کے وسطی علاقوں میں طوفانی ہواں کے ساتھ تیز بارش ہوئی اور مختلف حادثات میں 10 افراد ہلاک ہوگئے۔ دوسری جانب چین کے صوبے فوجیان میں شدید بارشوں اور لینڈ سلائیڈنگ سے سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی جس سے ہزاروں افراد نقل مکانی پر مجبور ہیں جب کہ کھیلوں کے مقابلے منسوخ کردیے گئے ہیں۔

چیئرمین پی ٹی آئی مکافات عمل کا شکار ہوئے: رانا جمیل منج

پیپلز پارٹی سیاست میں انتقام کی بجائے رواداری، برداشت کی علمبردار ہے

رائے ونڈ(نمائندہ خصوصی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی سیاست میں انتقام کی بجائے رواداری اور برداشت کی علمبردار ہے، چیئرمین پی ٹی آئی مکافات عمل کا شکار ہوئے ہیں، عدالت نے توشہ خانہ کیس میں ان کی بے ایمانی پر مہر ثبت کردی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جو عوام کے مسائل، بیروزگاری کو ختم اور امن وامان قائم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، پیپلز پارٹی ریاستی اداروں کی خودمختاری اور پارلیمان کی بالادستی وجمہوریت کی مضبوطی پر یقین رکھتی ہے۔ پیپلز پارٹی کی تاریخ شہادتوں سے بھری پڑی ہے، ہماری قیادت اور جیالیوں نے اپنی زندگیوں کے نذرانے پیش کرنے سے بھی دریغ نہیں کیا۔ اب بھی انشاءاللہ آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو کی قیادت میں الیکشن جیتنے کے بعد عوامی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی اور آنے والا وقت پیپلز پارٹی کا ہوگا۔ رانا جمیل منج نے کہا کہ مخالفین پر بہتان تراشی اور گالم گلوچ کرنے والا اپنے انجام کو پہنچ گیا۔

براہ راست بیرونی سرمایہ کاری میں25 فیصد کمی تشویشناک: خرم الیاس

پاکستان کو3 سال میں 87.42ارب ڈالر کی بیرونی سرمایہ کاری درکار ہے

لاہور(کامرس رپورٹر) چیئرمین ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن میاں خرم الیاس نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ان اعداد وشمار پر تشویش کا اظہار کیا ہے جس کے مطابق پاکستان میں براہ راست بیرونی سرمایہ کاری میں 25فیصد کمی ہوئی ہے۔ مالی سال2023 میں بیرون سرمایہ کاری کا حجم 1.456 ارب ڈالر ہے جو مالی سال2022 کے مقابلہ میں25 فیصد کم ہے ۔مالی سال2022 میں پاکستان میں بیرونی سرمایہ کاری کا حجم1.936ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ آئی ایم ایف سے 3ارب ڈالر ز کے معاہدے کی دستاویزات کے مطابق پاکستان کو 3 سال میں 87.42ارب ڈالر ز کی بیرونی سرمایہ کاری درکار ہوگی۔ جس کیلئے حکومت کو بیرونی سرمایہ کاروں کو مراعات دے کر پاکستان میں سرمایہ کاری کی جانب راغب کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن(بقیہ نمبر28)

لاہور: نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ میں زیر تربیت افسران کا دورہ الحمرا کے موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل الحمرا محمد سلیم ساگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسرائیلی وزیراعظم کا سعودی عرب تک ریل نیٹ ورک بچھانے کا اعلان

27ارب ڈالر کے منصوبے کے تحت مستقبل میں سعودی عرب کیساتھ زمینی رابطہ قائم کیا جائیگا: رپورٹ

تل ابیب(مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے 100ارب شیکل (27ارب ڈالر) کی لاگت سے سے ریل نیٹ ورک کے توسیعی منصوبے کا اعلان کردیا، میڈیا رپورٹس کے مطابق اس ریلوے نیٹ ورک کے ذریعے اسرائیل کے مضافاتی علاقوں کو میٹروپولیٹن تل ابیب سے مربوط کیا جائے گا اوراسی کے ذریعے مستقبل میں سعودی عرب کے ساتھ زمینی رابطہ قائم کیا جائے گا۔ نیتن یاہو نے اس آئینی بحران کو نظرانداز کیا جس نے ملک کو گذشتہ سات ماہ سے تعطل کا شکار کررکھا ہے، جس سے صیہونی ریاست کی معیشت کو دھچکا لگا ہے اوراس کی جمہوری صحت پر مغربی اتحادیوں کے اعتماد کو دھچکا لگا ہے۔ اس کے بجائے ،انھوں نے ون اسرائیل پروجیکٹ سمیت بنیادی ڈھانچے کے اقدامات کے بارے میں گفتگو کی ہے۔ اسے انھوں نے ملک کے کاروباری اور سرکاری مراکز تک ٹرین کے ذریعے سفر کے(بقیہ نمبر 29)

سوڈان کے دونوں فریق فوجی کشیدگی ختم کریں، سعودی عرب

تنازع کا سیاسی حل نکالا جائے اورعوام کی سلامتی اور استحکام کو یقینی بنایا جائے، وزیر خارجہ

ریاض(مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے سوڈانی فریقین پرزور دیا ہے کہ وہ قومی مفاد کو ترجیح دیتے ہوئے جھگڑا ختم کریں اور ہر قسم کی فوجی کشیدگی کو روک دیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی وزارت خارجہ نے کہا کہ شہزادہ فیصل کو سوڈانی خودمختاری کونسل کے سربراہ عبدالفتاح البرہان کا فون آیا جس کے دوران انہوں نے سوڈان کی صورتحال میں پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا۔ شہزادہ فیصل نے سوڈانی جماعتوں سے ایک ایسے سیاسی حل کا سہارا لینے کے لیے مملکت کے مطالبے کی تجدید کی جو سوڈان اور اس کے عوام کو سلامتی اور استحکام کی واپسی کی ضمانت دیتا ہے، کال کے دوران شہزادہ فیصل نے انسانی ہمدردی کے کاموں کی بحالی پر زور دیا۔ شہزادہ فیصل نے کہا کہ شہریوں اور امدادی کارکنوں کی حفاظت اور بنیادی امداد کی آمد کے لیے انسانی ہمدردی(بقیہ نمبر 30)

اسرائیلی وزیر بن غفیر نے جیل سے فلسطینیوں کی جلدرہائی کا قانون منسوخ کردیا

اقدام اسرائیلی جیلوں میں قید فلسطینیوں کی زندگی مشکل بنانیکی کوششوں کا حصہ ہے، رپورٹ

تل ابیب (فارن ڈیسک) انتہا پسند اسرائیلی وزیر برائے قومی سلامتی ایتمار بن غفیر نے فلسطینی قیدیوں کی انتظامی رہائی سے متعلق قانون میں ترمیم جاری کی ہے، جس کے تحت بعض فلسطینی قیدیوں کو جیل سے جلد رہا کرنے کی اجازت دینے سے متعلق سابقہ پالیسی کو منسوخ کردیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انتہاپسند بن غفیر کا یہ اقدام اسرائیلی جیلوں میں قید فلسطینیوں اور دیگر قیدیوں کی زندگی مشکل بنانے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ ماضی میں، بعض فلسطینی قیدی جیلوں میں جگہ کی کمی کی وجہ سے جلد رہائی کے اہل قرار پاتے تھے۔ وہ جب سے اسرائیل کی انتہاپسند حکومت کا باضابطہ حصہ بنے ہیں، فلسطینی قیدیوں پر پابندیاں عاید کرنے کے اپنے وعدے کو عملی جامہ پہنا رہے ہیں تاکہ ان کی زندگیوں کو اسرائیلی قبضے کی وجہ سے پہلے سے کہیں زیادہ تکلیف دہ بنایا جاسکے۔

رفاہی تنظیم کی جانب سے رائے ونڈ ماڈل بازار میں واٹرفلٹریشن پلانٹ کی تنصیب کا کام شروع

رائے ونڈ(این این آئی) نجی رفاہی تنظیم کی جانب سے رائے ونڈ ماڈل بازار میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب کا کام شروع کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سینئر صحافی صدر رائے ونڈ پریس کلب آصف نعیم شیخ کی تجویز پر لاہور کی رفاہی تنظیم ہوپ اپ لفٹ فاؤنڈیشن کے زیراہتمام رائے ونڈ ماڈل بازار میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب کا کام شروع ہو گیا ہے ،پلانٹ بیس لاکھ روپے کی خطیر رقم سے لگایا جارہا ہے پلانٹ عطیہ کرنیوالے مخیر خاندان اشتیاق الرحمان اور آصفہ اشتیاق نے اہل رائے ونڈ کیلئے پینے کا صاف پانی فراہم کرکے اجرعظیم کمایا ہے، ماڈل بازار رائے ونڈ کے سینکڑوں سٹال ہولڈرز اور ملحقہ آبادی پینے کا پانی خرید کرپیتے تھے اس اہم مسئلہ کو سینئر صحافی (بقیہ نمبر25)

پنجاب کی43 جیلوں میں2296 خواتین ومردعرصہ درازسے موت کی سزاپانے کیلئے انتظار کی سولی پرلٹک گئے

مکوآنہ (این این آئی) پنجاب کی43 جیلوں میں 2296 خواتین ومرد عرصہ دراز سے موت کی سزا پانے کے لئے انتظار کی سولی پر لٹک گئے۔ 20 ایسی خواتین بھی سزائے موت کی منتظر ہیں جن پر قتل کے الزامات کے بعد انہیں عدالتوں کی طرف سے یہ سزا سنائی گئی ہے جبکہ دوسری جانب صدر پاکستان کی طرف سے سزائے موت کے خلاف اپلییں 63 قیدی زیرالتواء ہیں اور 14 کی اپلییں مسترد کی جا چکی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب کی43 جیلوں میں اس وقت عدالتوں کی موت کی سزا پانے والے 2296 قیدی جیل کی کال کوٹھڑیوں میں بند ہیں اور جوڈیشل سسٹم سے اپنی سزاؤں کو کم کرانے کیلئے اپلییں کئے ہوئے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق سنٹرل جیل (بقیہ نمبر 26)

لاہور: وزیراعظم کے کوآرڈی نیٹر خواجہ احمد حسان ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایوان اقبال میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں